وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝

Und du besitzest ganz sicherlich hohe moralische Eigenschaften.

اور یقیناً تو بہت بڑے خُلق پر فائز ہے۔

[68:5]

Lehrmaterial für die 6. jährliche *Taleemi Tarbiyyati Klasse* 2012 der Nasirat-ul-Ahmadiyya Deutschland

Name:

_____

Halqa:

_____

Leitende Aufsicht:

Amatul Hai Ahmad

Nationale Präsidentin Lajna Imaillah Deutschland

Aufsicht:

Amatulwahid Khan

Nationale Sekretärin Nasirat

Leiterin:

Kiran Ijaz

Nisab-Komitee:

Farhana Gardezi, Amtulqauoom Tahir,Amtulhai Gardezi,Sadiqa Mahmood

Textverarbeitung:

Sadaf Ijaz, Sundus Suleman, Maryam Sadiqa Majoka, Imrana Sabahat Ahmad

Nadia Sabuhi, Madiha ilyas, Zara Qamar,

Korrekturlesen:

Atia Nuur Ahmad-Hübsch

Lubna Saqib, Dr. Amatulraqeeb

Titel&Layout

Sundus Suleman, Amreen Malik

Inhaltverzeichnis

Lehrprogramm für das Taleemi und Tarbiyati Class 2012 / 2013

Wort- zu- Wort Übersetzung	3	لفظی ترجمہ
Auswendig lernen aus dem Heiligen Qur-an	5	حفظِ قرآن
Hadith	8	حدیث
Fiqah	9	فقہ
Geschichte des Islam	12	تاریخِ اِسلام
Geschichte der Ahmadiyyat	18	تاریخِ احمدیت
Tarbiyyat	25	تربیت
Tabligh	33	تبلیغ
Talqeen-e-Aml	37	تلقینِ عمل

Wort-zu-Wort Übersetzung des Heiligen Qur-ans

Sura Al – Baqarah Vers 13 – 14

اَلۡمُفۡسِدُوۡنَ	اِنَّهُمۡ هُمُ	اَلَاۤ
فساد کر نے وا لے ہیں	یقینا وہی	سنو
Die Unheil stiften	Gewiss sie sind es	Höret

وَاِذَا	لَّا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿۱۳﴾	وَلٰـكِنۡ
اور جب	وہ سمجھتے نہیں	مگر
Und wenn	Allein sie begreifen es nicht	Aber

كَمَاۤ	اٰمِنُوۡا	قِيۡلَ لَهُمۡ
جیسے	ایما ن لا و	انہیں کہا جا تا ہے
wie	glaubet	Ihnen gesagt wird

اَنُؤۡمِنُ	قَالُوۡۤا	اٰمَنَ النَّاسُ
کیا ہم ایمان لا ئیں؟	وہ کہتے ہیں	لو گ ایمان لا ئے ہیں
Sollen wir glauben	Sprechen sie	Andere geglaubt haben

اَلَاۤ	اٰمَنَ السُّفَهَآءُ	كَمَاۤ
سنو	بیو قوف ایمان لا ئے	جیسے
Höret	Die Toren glaubten	wie

وَلٰكِنْ	السُّفَهَآءُ	اِنَّهُمْ هُمُ
مگر	بیو قوف ہیں	یقیناً وہی
Aber	Die Toren	Sie sind es

لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٤﴾
وہ نہیں جا نتے
Sie wissen es nicht

Auswendig lernen aus dem Heiligen Quran

Am 12.Sept. 1969 sagte der 3.Khalif, Hazrat Mirza Nasir Ahmad (rt), in seiner Freitagsansprache: „Mir wurde von Allah ta'ala ans Herz gelegt, dass jeder Ahmadi die ersten 17 Verse der Sure Al-Baqara auswendig lernen sollte, die Übersetzung können sollte und soweit wie möglich das Tafseer (Erklärung) verstehen sollte, und diese Verse dann stets im Gedächtnis eines jeden Ahmadis präsent sein sollten.“	مورخہ ۱۲ستمبر ۱۹۶۹ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے خطبہ جمعہ میں تمام احباب کہ یہ اہم تحریک فرمائی کہ ’’میرے دل میں یہ خواہش شدت سے پیدا کی گئی ہے کہ قرآنِ کریم کی ۱۷ آیا ہر اِحمدی کو یاد ہونا چاہئے اور اُن کے معنی بھی آنا چاہیں اور جس حد تک ممکن ہو اُنکی تفسیر بھی آنی چاہئے۔ پھر دماغ میں مستحضر بھی رہنی چاہئے۔
In diesen Versen werden grundlegende Glaubensdinge, wie Glaube an Allah, an seine Engel, an seine Bücher und an den Tag des Jüngsten Gerichts erklärt. Es werden auch die Eigenschaften der Gottesfürchtigen und die Eigenschaften der Heuchler dargestellt.	اِن آیات میں اللہ تعالیٰ وحی والہام اور آخرت پہ ایمان جیسے بنیادی عقائد کا ذکر کرتا ہے۔ متقین کی خصوصیات بیان ہوئی ہیں اور منافقین کی نشانیاں بھی بتائی گئی ہیں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝١

فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ

مَرَضًا ۚ وَلَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ۬ۙ بِمَا كَانُوۡا

يَكۡذِبُوۡنَ ۝١١

اَلَاۤ اِنَّهُمۡ هُمُ الۡمُفۡسِدُوۡنَ وَلٰـكِنۡ

لَّا يَشۡعُرُوۡنَ ۝١٣

وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ لَا تُفۡسِدُوۡا فِى الۡاَرۡضِ ۙ

قَالُوۡۤا اِنَّمَا نَحۡنُ مُصۡلِحُوۡنَ ۝١٢

وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ اٰمِنُوۡا كَمَاۤ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوۡۤا

اَنُؤۡمِنُ كَمَاۤ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَاۤ اِنَّهُمۡ

هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰـكِنۡ لَّا يَعۡلَمُوۡنَ ۝١٤

وَاِذَا لَقُوا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا قَالُوۡۤا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا

خَلَوۡا اِلٰى شَيٰطِيۡنِهِمۡ ۙ قَالُوۡۤا اِنَّا مَعَكُمۡ ۙ

اِنَّمَا نَحۡنُ مُسۡتَهۡزِءُوۡنَ ۝١٥

اَللّٰهُ يَسۡتَهۡزِئُ بِهِمۡ وَيَمُدُّهُمۡ فِىۡ

طُغۡيَانِهِمۡ يَعۡمَهُوۡنَ ۝١٦

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ ۖ فَمَا رَبِحَت تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿١٧﴾

(Entnommen aus aIslam.org)

2:1 Im Namen Allahs, des Gnädigen, des Barmherzigen.	[2:1] اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بِن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔
2:11 In ihren Herzen war Krankheit, und Allah hat ihre Krankheit vermehrt; und eine qualvolle Strafe wird ihnen, weil sie logen.	[2:11] ان کے دلوں میں بیماری ہے۔ پس اللہ نے ان کو بیماری میں بڑھا دیا۔ اور ان کے لئے بہت دردناک عذاب (مقدر) ہے بوجہ اس کے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے۔
2:12 Und wenn ihnen gesagt wird: „Stiftet kein Unheil auf Erden“, antworten sie: „Wir sind nur Förderer des Friedens.“	[2:12] اور جب انہیں کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد نہ کرو تو وہ کہتے ہیں ہم تو محض اصلاح کرنے والے ہیں۔
2:13Höret! gewiss sind sie es, die Unheil stiften; allein sie begreifen es nicht.	[2:13] خبردار! یقیناً وہی ہیں جو فساد کرنے والے ہیں لیکن وہ شعور نہیں رکھتے۔
2:14 Und wenn ihnen gesagt wird: „Glaubet, wie andere geglaubt haben“, so sprechen sie: „Sollen wir glauben, wie die Toren glaubten?“ Höret! sie sind die Toren, allein sie wissen es nicht.	[2:14] اور جب ان سے کہا جاتا ہے ایمان لے آؤ جیسا کہ لوگ ایمان لے آئے ہیں ۔ کہتے ہیں کیا ہم ایمان لے آئیں جیسے بے وقوف ایمان لائے ہیں۔ خبردار! وہ خود ہی تو ہیں جو بے وقوف ہیں۔ لیکن وہ علم نہیں رکھتے۔
2:15 Und wenn sie mit denen zusammentreffen, die glauben, sagen sie: „Wir glauben“; sind sie jedoch allein mit ihren Bonzen, sagen sie: „Gewiss sind wir mit euch, wir treiben nur Spott.“	[2:15] اور جب وہ ان لوگوں سے ملتے ہیں جو ایمان لائے تو کہتے ہیں ہم بھی ایمان لے آئے اور جب اپنے شیطانوں کی طرف الگ ہو جاتے ہیں تو کہتے ہیں یقیناً ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ ہم تو (ان سے) صرف تمسخر کر رہے تھے۔
2:16 Allah wird sie Spott lehren und wird sie in ihren Freveln verharren lassen, dass sie verblendet irregehen.	[2:16] اللہ (ضرور) اُن کے تمسخر کا جواب دے گا۔ اور اُنہیں کچھ عرصہ مہلت دے گا کہ وہ اپنی سرکشیوں میں بھٹکتے رہیں۔
2:17 Sie sind es, die Irregehen eingetauscht haben gegen Führung; doch brachte ihr Handel keinen Gewinn, noch sind sie rechtgeleitet.	[2:17] یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خرید لی۔ پس ان کی تجارت نفع بخش نہ ہوئی اور وہ ہدایت پانے والے نہ ہو سکے۔

Hadith

۸۲۰ — عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَا کَانَ الْفُحْشُ فِیْ شَیْءٍ اِلَّا شَانَہٗ، وَمَا کَانَ الْحَیَاءُ فِیْ شَیْءٍ اِلَّا زَانَہٗ۔ (ترمذی کتاب البر والصلۃ باب فی الفحش)

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حد سے بڑھی ہوئی بے حیائی ہر مرتکب کو بدنما بنادیتی ہے اور شرم وحیاء ہر حیادار کو حُسنِ سیرت بخشتا ہے اور اسے خوبصورت بنادیتا ہے۔

Hadhrat Anas (ra) berichtet, dass der Heilige Prophet (saw) sagte, dass Schamlosigkeit den schamlosen Menschen hässlich macht, und dass Schamhaftigkeit dem schamhaften Menschen einen schönen Charakter und äußerliche Schönheit gewährt.

(Hadeeqat-us-Saleheen Nr.762)

Fiqah

Janazah-Gebet (Totengebet)

Ein wichtiges Gebet ist das Janazah-Gebet. Es ist ein Farz-i-kafaya, was soviel bedeutet, dass wenn ein Muslim stirbt und auch nur ein paar wenige Muslime das Janazah darbringen, es so wäre, als hätten alle Muslime ihr Pflicht erfüllt. Spricht aber Niemand das Totengebet für ein Muslim, werden alle Muslime dafür als schuldig angesehen. Janazah-Gebet zu verrichten ist eine Pflicht der muslimische Nation.

Das Gebet wird vor dem Leichnam stehend verrichtet. Um Shirk (Anbetung jemanden außer Allah) zu vermeiden wird das Namaze Janaza ohne Niederwerfung und Verbeugung verrichtet.

Das Janazah-Gebet besteht aus vier Teilen:

1. Das Gesicht des Imams ist nach Mekka gerichtet. Er spricht laut das Takbir und verschränkt die Arme vor der Brust. Der Imam und die Mitbetenden rezitieren schweigend Surat Al-Fatiha.
2. Der Imam spricht laut das Takbir und alle rezitieren schweigend das Darood.
3. Er sagt das Takbir und alle beten für den Verstorbenen Menschen und für seine Verwandtschaft.
4. Der Imam sagt zum letzten Mal laut das Takbir und rezitiert laut das Taslim und beendet damit das Janazah-Gebet.

نمازِ جنازہ

ایک ضروری نماز جنازہ کی نماز ہے یہ فرضِ کفایہ ہے یعنی جب کوئی مسلمان فوت ہو جائے اور کچھ مسلمان اُس کا جنازہ پڑھ لیں تو سب کی طرف سے فرض کا ادا ہونا سمجھ لیا جاتا ہے اور اگر کسی مسلمان کی نمازِ جنازہ کوئی مسلمان بھی ادا نہ کرے تو سب مسلمان جن کو علم ہو اور وہ شامل نہ ہوئے مجرم سمجھے جاتے ہیں یعنی جنازہ کی ادائیگی اِنفرادی نہیں بلکہ قومی ذمہ داری ہے

جنازہ کی نماز میت (فوت ہونے والے) کو سامنے رکھ کر کھڑے کھڑے ادا کی جاتی ہے شرک سے بچنے کے لیے اِس نماز میں رکوع اور سجدہ نہیں ہوتا

اِس نماز کی چار تکبیریں ہوتی ہیں۔

۱۔ اِمام قبلہ رُخ کھڑا ہو کر سینہ پر ہاتھ باندھ کر بلند آواز سے تکبیر کہہ کر نماز شروع کرتا ہے اِمام اور مقتدی (اِمام کے پیچھے نماز پڑھنے والے) اپنے اپنے طور پر منہ میں سورۃ فاتحہ پڑھتے ہیں

۲۔ اِمام تکبیر کہتا ہے اور منہ میں سب درود شریف پڑھتے ہیں

۳۔ اِمام پھر تکبیر کہتا ہے اور سب دُعائے جنازہ پڑھنے کے علاوہ اپنی زبان میں بھی میت اور اُس کے رشتہ داروں کے لیے دُعا کرتے ہیں

۴۔ اِمام پھر بلند آواز سے تکبیر کہتا ہے اور تھوڑے سے وقفہ کے بعد دونوں طرف سلام پھیر کر نماز کو ختم کر دیتا ہے

(فقہ احمدیہ حصہ عبادات، صفحہ نمبر 239-240)

Namaz-e-Janaza

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَ مَیِّتِنَا وَ شَاھِدِنَا وَ غَائِبِنَا وَ صَغِیْرِنَا وَ کَبِیْرِنَا وَ ذَکَرِنَا وَ اُنْثَانَا۔ اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ ۔ وَ مَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ ۔ اَللّٰھُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَہٗ وَ لَا تَفْتِنَّا بَعْدَہٗ۔

Janaza Gebet (für Verstorbene): O Allah, vergib unseren Lebenden und unseren Toten, und denen von uns, die anwesend sind, und denen, die abwesend sind, und unseren Jungen und unseren Alten und unseren Männern und unseren Frauen. O Allah, denen unter uns, denen Du Leben geschenkt hast, halte sie im Islam, und die Du sterben lassen willst, lasse sie als Gläubige sterben. Schließe uns nicht aus, O Allah von dessen Wohltaten (die sich auf den Verstorbenen beziehen), und bewahre uns vor Zwietracht nach ihm.	**دُعائے جنازہ** ترجمہ اے اللہ! بخش دے ہمارے زندوں کو اور جو فوت ہو گئے ہیں۔ اور جو حاضر ہیں اور جو موجود نہیں ہیں۔ اور ہمارے چھوٹوں کو اور بڑوں کو اور ہمارے مردوں کو اور ہماری عورتوں کو۔ اے اللہ! جسے تو ہم میں سے زندہ رکھے اسے اسلام پر زندہ رکھ۔ اور جسے تو ہم میں سے وفات دے اس کو ایمان کے ساتھ وفات دے۔ اے اللہ! اس کے اجر و ثواب سے ہمیں محروم نہ رکھنا اور اس کے بعد ہمیں کسی فتنہ میں نہ ڈالنا۔

Notzien:

Geschichte des Islams

Auswanderung des Heiligen Propheten[saw] von Mekka nach Medina

Im Heiligen Qur-ân wird über das Leben einiger Propheten (as) ausführlich berichtet, woraus man erkennt, dass Allah diejenigen, die Er zu Seinen Stellvertretern macht, mit solchen Fähigkeiten segnet, dass sie eine besondere Stellung im Vergleich zu gewöhnlichen Menschen einnehmen. Bevor sie Propheten werden, sind sie unter den Menschen für ihren guten Charakter bekannt, aber nachdem sie Propheten werden, werden sie beschimpft, ausgelacht, sind sie körperlicher Gewalt ausgesetzt, so dass diese Propheten gemeinsam mit ihren Anhängern sogar letztendlich auswandern müssen. In jenem Augenblick freuen sich die Gegner, dass sie alle aus dem Land verjagt haben und nun ihr Untergang sicher sei. Propheten müssen sehr viel ertragen und Schmerzen aushalten. Sie müssen auch ihr geliebtes Land verlassen und die Straßen, die sie lieben, aber eben jene Tränen, die beim Abschied aus ihren Augen strömen, legen im Himmel den Grundstein für ihren Sieg.

Liebe Nasirat! Unser geliebter Heiliger Prophet (saw) hat mit der gleichen Situation kämpfen müssen. Auch die Anhänger von ihm (saw) mussten viele Schmerzen ertragen. Sie wurden auf heißen Sand gelegt und über spitze Steine geschleift, grausam geschlagen, sie wurden boykottiert, weil man hoffte, sie so verhungern und verdursten zu lassen. Aufgrund dieser schmerzlichen Umstände starben der geliebte Onkel des Heiligen Propheten (saw) Abu Talib (ra) und die geliebte Ehfrau des Heiligen Propheten (saw) Hadhradt Khadija (ra). Jenes Jahr wurde von Huzoor (saw) als „Ammul Hazzan“, was „Jahr der Trauer“ bedeutet, bezeichnet. Der Heilige Prophet (saw) und seine (saw) Sahabas ertrugen 13 Jahre lang geduldig und betend diese Schmerzen und Erniedrigungen ausgesetzt, aber sie haben immer weiter Allahs Wort überall verbreitet. Ihre Augen waren stets zum Himmel gerichtet, dass Allah Ta’ala auch all diese Grausamkeiten sah.

ہجرت نبوی ﷺ

قرآن کریم نے بعض انبیاءؑ کے واقعات کی جو تفاصیل بیان فرمائی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ خدا جن لوگوں کو اپنا نمائندہ بناتا ہے انہیں اپنے فضل سے ایسی صلاحیتیں عطا کرتا ہے کہ وہ عام انسانوں سے الگ ایک مقام رکھتے ہیں۔

دعویٰ نبوت سے قبل ان کے اچھے اخلاق قوم میں مشہور ہوتے ہیں لیکن دعویٰ نبوت کے بعد ان کو برا بھلا کہا جاتا ہے، مذاق اڑایا جاتا ہے، جسمانی تکالیف دی جاتی ہیں حتیٰ کہ وہ نبی اور اس کے ماننے والے اس جگہ سے ہجرت (ایک مقام سے دوسری جگہ چلے جانا) کر جاتے ہیں۔ اس وقت مخالفین بہت خوش ہو رہے ہوتے ہیں کہ ہم نے ان کو ملک سے نکال دیا ہے اب یہ ختم ہو جائیں گے۔ انبیاء ہزار دکھ تو اٹھا رہے ہوتے ہیں اب انہیں اپنا پیارا ملک بھی چھوڑنا پڑتا ہے وہ گلیاں اور شہر چھوڑنے پڑتے ہیں جن سے انہیں محبت ہوتی ہے۔

لیکن یہی آنسو اور سسکیاں جو الوداع کہتے ہوئے ان کی آنکھوں سے بہہ رہے ہوتے ہیں وہ آسمانوں پر ان کی فتوحات کی بنیاد رکھ رہی ہوتی ہیں۔ پیاری ناصرات! ہمارے پیارے نبی ﷺ کے ساتھ بھی ایسے ہی حالات پیش آئے۔ اللہ کے اس بندے کے ماننے والوں پر بھی بہت ظلم ڈھائے گئے۔ ان کو تپتی ریت پر لٹا کر گھسیٹتے، گرم پتھروں پر گھسیٹتے، مار مار کے اندھا کر دیتے، ان سے بائیکاٹ کر دیتے تا کہ وہ بھوک اور پیاس سے مر جائیں۔ انہیں تکلیفوں کی وجہ سے حضور ﷺ کے پیارے چچا ابو طالبؓ اور ہمدرد بیوی حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہوا۔ اس سال کو تو آنحضورؐ نے "عام الحزن" یعنی غم کا سال قرار دیا۔

آپ ﷺ اور آپؐ کے صحابہ 13 سال تک صبر اور دعا کے ساتھ تکلیفیں برداشت کرتے رہے اور اللہ تعالیٰ کا پیغام لوگوں تک پہنچاتے رہے۔ آپؐ اور صحابہ کی آنکھیں ہر دم آسمان کی طرف ہوتیں کہ خدا بھی ان کے ظلموں کو دیکھ رہا ہے۔

Liebe Nasirat! So wurde die Sitution in Mekka schlimmer und schlimmer. Währenddessen verbreitete sich durch Allahs Gnade der Islam in Medina und die Menschen dort nahmen in großer Zahl den Islam an. Nun gab Allah Ta'ala auch dem Heiligen Propheten (saw) die Anweisung nach Medina auszuwandern. Er (saw) erlaubte sodann den Sahaba (ra) auszuwandern und so gingen die Muslime von Mekka nach und nach Medina, bis letztendlich nur noch der Heilige Prophet (saw), Hadhrat Abu Bakar Siddique (ra), Hazrat Ali (rs) und einige wenige Sahabas in Mekka zurück blieben, dann gab Allah Ta'ala dem Heiligen Propheten (saw) das Zeichen, dass auch er (saw) nun auswandern soll. Er (saw) ging dann in Mekkas heißer Sonne zu Hadhrat Abu Bakar (ra) und berichtete ihm von seiner Absicht, Mekka zu verlassen. Am selben Tag beschlossen die Mekkaner, den Heiligen Propheten (saw) umzubringen.

Liebe Nasirat! Der treue Freund des Heiligen Propheten (saw), der für ihn sein Leben zu opfern bereit war, hatte zwei Kamele für die Auswanderung bereit gestellt, und sie beschlossen noch in derselben Nacht Mekka zu verlassen. Da der Heilige Prophet (saw) immer noch als ehrlich und vertrauenswürdig bekannt war, hatten immer noch viele Menschen ihm (saw) ihren Besitz zur Aufbewahrung gegeben (Damals gab es noch keine Bank). Deshalb hat Huzoor (saw) Hadhrat Ali (ra) beauftragt, sich diese Nacht in sein Bett zu legen und ihm versichert, dass ihm nichts geschehen würde, und danach erst dann Mekka zu verlassen, wenn er den Besitz den Einzelnen zurück gegeben hatte. Er (saw) verließ Mekka noch in jener Nacht und suchte in einer 4 Meilen weit entfernten Höhle namens „Thor" Zuflucht. Die Auswanderung von Huzoor (saw) hat viele außergewöhnliche Begebenheiten gezeigt. Als erstes, dass alle Intrigen der Ungläubigen aus Mekka erfolglos waren. Danach sind die besten Spurensucher Mekkas aufgebrochen, um ihn (saw) zu suchen. Als sie bei der Höhle Thor ankamen, hatte Allah Ta'ala Sein Wunder gezeigt. Vor der Öffnung der Höhle hatte eine Spinne ihr Netz gesponnen und eine Taube hatte ihr Nest gebaut und darin ihre Eier gelegt. Dies wurde zu einem Hindernis und somit konnten die Gegner nicht in das Innere sehen. Sie sagten, dass Muhammad (saw) entweder in

پیاری ناصرات! اس طرح مکہ کے حالات بد سے بدتر ہوتے چلے گئے بُرے سے بُرے حالات ہوتے چلے گئے۔ اس دوران اللہ کے فضل سے مدینہ میں بھی اسلام پھیل گیا تھا اور وہاں کے لوگ تیزی سے مسلمان ہو رہے تھے۔ اب اللہ تعالیٰ نے بھی آپ ﷺ کو ہجرت کا حکم دے دیا۔ اور آپ ﷺ نے صحابہ کو اجازت عطا فرمائی تو پھر آہستہ آہستہ تمام مسلمان مکہ سے مدینہ چلے گئے حتی کہ آپ ﷺ، حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت علیؓ اور چند صحابہ مکہ میں رہ گئے تو اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو بھی ہجرت کا اشارہ دیا۔ آپ ﷺ مکہ کی تیز دھوپ میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پاس آئے اور مکہ سے جانے کا ارادہ ظاہر کیا۔ مکہ والوں نے اسی دن فیصلہ کیا کی محمد ﷺ کو قتل کر دیا جائے۔

پیاری بچیوں! ہمارے پیارے نبی ﷺ کے وفادار دوست اور آپ پہ جان قربان کرنے والے ساتھی نے ہجرت کیلئے دو اونٹنیاں تیار کر رکھی تھیں اور اسی دن ہجرت کا پروگرام بنایا۔ چونکہ حضرت محمد ﷺ اب بھی سچے اور ایماندار مشہور تھے اور اب بھی ان کے پاس مکہ والوں کی امانتیں موجود تھیں (اس وقت بینک نہیں ہوتے تھے) اسلئے حضرت محمد ﷺ نے حضرت علیؓ کو اپنے بستر میں لٹا دیا اور تاکید کی تمہیں کچھ نہیں ہوگا امانتیں واپس کیے بغیر مکہ سے نہیں نکلنا۔ آپ ﷺ نے اس رات مکہ سے نکل کر چار میل کے فاصلے پر ثور نامی غار میں پناہ لی۔ آنحضور ﷺ کی ہجرت نے بہت سے ایمان افروز واقعات کو جنم دیا۔ سب سے پہلے کفار مکہ کی تمام سازشوں کو ناکام کیا۔ پھر جب غار ثور میں پناہ لی تو تو مکہ کے بہترین کھوجی آپ کو ڈھونڈنے نکلے وہ ثور کے مقام پر پہنچ بھی گئے پر اللہ تعالیٰ نے خاص تدبیر سے غار کے منہ پر مکڑی کے ذریعے جالا بنوا دیا اور اس کے اوپر ایک کبوتری نے انڈے دے دیئے اور یہ بات ان کیلئے رکاوٹ بن گئی کہ غار کے اندر جا کر دیکھ لیں وہ کہنے لگے کہ یا تو محمد ﷺ اس غار میں ہیں یا آسمان پر چڑھ گئے ہیں یہاں اتنے سانپ اور بچھو ہیں اور غار کے منہ پر جالا ہے۔ ان کی باتیں سن کر حضرت ابوبکرؓ بہت پریشان ہو رہے تھے کہ یا رسول اللہ ﷺ دشمن سر پہ پہنچ گیا ہے۔ پیاری ناصرات اس مشکل اور خطرناک وقت میں جب کہ غار کے دروازہ پر دشمن کے پاؤں نظر آ رہے تھے آنحضرت ﷺ کو اپنے پیارے خدا پر پورا توکل (بھروسہ) تھا۔ آپؐ نے فرمایا "لاتحزن ان اللہ معنا" ابوبکر! ڈرو نہیں خدا ہم دونوں کے ساتھ ہے۔ یعنی ہم دو نہیں تیسرا خدا بھی ہمارے ساتھ ہے۔

der Höhle oder in den Himmel gestiegen sei. Hier seien so viele Schlangen und Skorpione und Spinnengewebe waren vor dem Höhleneingang. Als Hadhrat Abu Bakr (ra) die Mekkaner vor der Höhle sprechen hörte, war er voller Sorge und sagte: „O Prophet Allahs! Der Feind ist direkt vor uns!“

Liebe Nasirat! In jenem gefährlichen und schwierigen Moment, in dem man die Füße der Feinde vor dem Höhleneingang sehen konnte, hatte Huzoor (saw) volles Vertrauen in Allah. Er (saw) sagte zu Hadhrat Abu Bakar (ra): „ Hab keine Angst, Allah ist mit uns! D.h. wir sind nicht zur Zweit, sondern Allah ist sozusagen als Dritter bei uns.“

Nachdem sie zwei Tage in dieser Höhle verbracht hatten, wurden wie geplant nach zwei Tagen zwei Kamele zur Höhle gebracht. Auf einem Kamel ritt der Heilige Prophet (saw) sich und auf dem anderen Hadhrat Abu Bakr (ra) und sein treuer Diener. Bevor sie (saw) nach Medina aufbrachen, drehte sich Huzoor (saw) Richtung Mekka und sagte: „ **Oh Mekka, du bist mir der liebste Ort von allen, aber deine Bewohner lassen mich nicht hier leben.**“

Als die Menschen von Mekka ihn (saw) nicht auffinden konnten, haben sie die Nachricht verbreitet, dass derjenige, der ihn (saw) findet und ihnen bringt, 100 Kamele zur Belohnung erhalten sollte. Liebe Nasirat, der Wert eines Kamels war damals so hoch, wie ungefähr heute der Wert einer Mercedes-Limousine ist. Nach der Ankündigung brachen sehr viele Menschen auf, um ihn (saw) zu suchen. Unter ihnen war auch ein Beduine mit den Namen Saraqa-bin-Malik. Er sah ihn (saw) und nahm die Verfolgung auf. Als Hadhrat Abu Bakar (ra) den Verfolger sah, wurde er nervös. Aber Allahs geliebter Prophet (saw) hatte volles Vertrauen in Allah und so reisten sie ohne Sorgen weiter Richtung Medina. Saraqa-bin-Maliks Pferd gewan an Geschwindigkeit, aber dann stolperte es. Saraqa versuchte es drei Mal, aber immer wieder stolperte das Pferd. Da erkannte er, dass der Heilige Prophet (saw) unter dem Schutz Allahs war. Er rief nach ihnen und sagte: „Meine Absichten waren falsch, aber nun habe ich meine Absichten geändert.“ Huzoor(saw) sagte: „Geh, aber sag niemanden, wo wir sind.“ Dann überlegte Saraqa-bin-Malik, dass er (saw) sicher in Zukunft siegreich sein würde, und er sich daher eine (schriftliche) Friedensvereinbarung geben lassen sollte. Der

دودن اسی غار میں میں رہنے کے بعد پروگرام کے مطابق دو اونٹنیاں غار کے پاس پہنچ گئیں ایک اونٹنی پر حضرت محمد ﷺ اور دوسرے پر حضرت ابوبکر صدیقؓ اور آپؓ کا غلام سوار ہوئے۔ مدینہ کی طرف چلنے سے پہلے آپ نے مکہ کی طرف منہ کیا اور فرمایا کہ " اے مکہ کی بستی تو مجھے سب جگہوں سے زیادہ پیاری ہے مگر تیرے لوگ مجھے یہاں رہنے نہیں دیتے"۔

جب مکہ کے لوگ آپ کو ڈھونڈ نہ پائے تو انہوں نے اعلان کیا کہ جو بھی آپ ﷺ کو ڈھونڈ کر لائے گا اسے سو ۱۰۰ اونٹنیاں انعام دی جائیں گی۔ پیاری ناصرات اس وقت کی اونٹنی کی قیمت ایک کالی مرسیڈیز کے برابر ہوگی۔ بس پھر کیا تھا انعام کے لالچ میں بہت سے لوگ

آپ ﷺ کو ڈھونڈنے نکلے ان میں سے مکہ کا ایک بدو سراقہ بن مالک بھی تھا۔ اس نے ایک موقع پر آپ کو دیکھ لیا اور آپ کے تعاقب میں لگ گیا۔ اس کو دیکھ کر حضرت ابوبکر صدیقؓ پریشان ہو گئے وہ کبھی آپ کو دیکھتے اور کبھی پیچھے۔ مگر خدا کا پیارا نبی ﷺ اپنے خدا پر مکمل توکل کرتے ہوئے اطمینان کے ساتھ جا رہا تھا۔ سراقہ بن مالک نے گھوڑے کو تیز دوڑایا مگر گر گیا۔ تین بار اسکو ٹھوکر لگی اور گرا، پھر وہ سمجھ گیا کہ یہ خدا کی حفاظت میں ہیں۔ اس نے قافلے کو آواز دی اور کہا کہ میں غلط ارادے سے آیا تھا پر اب میں نے ارادہ بدل دیا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جاؤ مگر دیکھو ہمارے متعلق کسی کو خبر نہ دینا۔ تب سراقہ بن مالک نے سوچا یہ ضرور کامیاب ہوں گے ان سے مجھے امن کا پروانہ لکھوا لینا چاہیے۔ آنحضرت ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے خادم کو ارشاد فرمایا کہ لکھ دو۔ یعنی اس کو ڈر تھا کہ غالب آنے کے بعد مسلمان مجھ سے بدلہ نہ لیں اس لئے اس نے یہ لکھوایا۔ جب سراقہ بن مالک واپس جانے لگا تو آنحضرت ﷺ نے اللہ سے خبر پا کہ فرمایا کہ اس وقت تیرا کیا حال ہوگا جب تیرے ہاتھوں میں کسریٰ کے کنگن ہوں گے۔ وہ یہ سن کر حیران ہو گیا مگر خدا کے نبی کی بات لفظ بلفظ پوری ہوئی۔ وہ ایسے کہ سترہ سال کے بعد جب حضرت عمرؓ خلیفہ تھے تو ایرانیوں نے مسلمانوں پر حملہ کیا مگر اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو کامیاب کیا اور ان کا سارا مال مسلمانوں کو مل گیا۔ اور جو بادشاہ کے کنگن تھے وہ سراقہ جو اس وقت مسلمان ہو چکا تھا اسے ملے۔ سبحان اللہ۔

مدینہ آمد۔

Heilige Prophet (saw) wies Hadhrat Abu Bakars (ra) Diener an, ein solches niederzuschreiben. Saraqa-bin-Malik hatte nämlich Angst, dass die Muslime sich nach ihrem Sieg an ihm rächen könnten. Als er umkehren wollte, sagte Huzoor (saw) nach einer soeben empfangenen Offenbarung: „Saraqa! Wie wird es Dir wohl gehen, wenn Du die goldenen Armreifen von Kasraa tragen wirst?“ Saraqa war erstaunt dies zu hören, aber jedes einzelne Wort von unserem geliebten Propheten (saw) wurde wahr. Nach 17 Jahren, als Hadhrat Umar (ra) Khalifa war, griffen die Iraner die Muslime an, aber Allah Ta'ala gewährte den Muslimen Erfolg und so ging das gesamte Vermögen der Iraner in den Besitz der Muslime über. Die goldenen Armreifen, die dem König gehört hatten, bekam Saraqa, der inzwischen Muslim geworden war. Gepriesen sei Allah!

Ankuft in Medina

Als die Menschen von Medina erfuhren, dass Huzoor (saw) Mekka verlassen hatte, begannen sie voller Ungeduld auf seine (saw) Ankunft zu warten. Sie suchten in der Umgebung Medinas von morgens bis abends nach ihm (saw) und kamen abends enttäuscht zurück, als sie ihn (saw) nicht fanden. Einige stiegen auf Sandhügel und wieder andere auf Bäume in der Hoffnung ihn (saw) zu erspähen. Als Hazoor (saw) schließlich in Medina ankam, wurde er (saw) von den dortigen Muslimen mit großer Freude empfangen.

Ob Frauen, Männer oder Kinder, alle kamen aus ihren Häusern, um ihn (saw) willkommen zu heißen. Es war der Wunsch jedes einzelnen Muslims, dass er (saw) sein Gast sein möge. Der Heilige Prophet (saw) sagte: „ Ich werde mich in dem Haus niederlassen, vor dem sich mein Kamel hinsetzt.“ Dann ließ sich das Kamel vor einem Haus nieder. Huzoor (saw) sagte: „ Es ist wohl Allahs Wille, dass ich hier bleibe.“ Dies war das Grundstück von Waisenkindern des Stammes Najar. Der Heilige Prophet (saw) entschied, das Grundstück zu kaufen. Dieser Ort hieß Qaba (Name einer Stadt). Die Einwohner von Qaba waren außer sich vor Freude, als sie sahen, dass der Heilige Prophet (saw) unter ihnen weilen würde. Huzoor (saw) legte mit seinen gesegneten Händen den Grundstein für eine Moschee. Gemeinsam mit den Sahaba hat der Heilige Prophet (saw) wie Bauarbeiter hart gearbeitet und in einigen, wenigen Tagen die Moschee vollendet. Bis zum

جب مدینہ والوں کو خبر ملی کہ آنحضرت ﷺ مکہ سے نکل چکے ہیں تب سے وہ لوگ بے صبری سے آپ آنحضرت ﷺ کا انتظار کر رہے تھے وہ روز مدینہ سے باہر نکل کر دور دور تک آپ ﷺ کو تلاش کرتے اور شام کو مایوس واپس آجاتے کچھ ٹیلوں پر چڑھ کر راہ دیکھتے کچھ درختوں پر چڑھ کر دور دور تک تلاش کرتے۔ جب آپ ﷺ مدینہ پہنچے تو وہاں کے مسلمانوں نے آپ کا پر جوش استقبال کیا۔ کیا عورتیں کیا مرد سب گلیوں میں نکلے آپ کو خوش آمدید کہہ رہے تھے۔ وہاں ہر مسلمان کی خواہش تھی کی آپ اس کے مہمان بنیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اونٹنی خود جس گھر کے آگے بیٹھے گی میں وہیں ٹھہروں گا۔ آخر کار ایک مقام پر اونٹنی بیٹھ گئی۔ آپ نے فرمایا کی خدا تعالیٰ کی منشا معلوم ہوتی ہے کہ ہم یہیں ٹھہریں۔ یہ زمین بنو نجار کے یتیموں کی تھی۔ آپ ﷺ نے ان یتیموں کی زمین خریدنے کا فیصلہ کیا۔ یہ قبا کا مقام تھا (شہر کا نام) مدینہ کا ہر شخص دوڑا چلا آیا۔ قبا کے رہنے والوں کی خوشی دیکھنے والی تھی کی اللہ کا نبی ان میں ٹھہرنے کیلئے آیا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے اپنے مبارک ہاتھوں سے ایک مسجد کی بنیاد ڈالی، صحابہ کے ساتھ مل کر مزدوروں کی طرح کام کیا اور چند دنوں میں مسجد تیار ہو گئی۔ آپ کو آخر تک اس مسجد سے بہت محبت رہی۔ قبا میں تشریف لائے ابھی آپکو تین دن ہوئے تھے کی حضرت علیؓ بھی لوگوں کی امانتیں واپس کر کے مدینہ پہنچ گئے۔ مدینہ میں قیام کے دوران آپ ﷺ نے اسلامی حکومت کی بنیاد رکھی۔ دشمنوں کی طرف سے بار بار حملے ہوئے۔ آپ ﷺ کو ان جنگوں میں حصہ لینا پڑا۔ پھر وہ وقت آیا جب اللہ تعالیٰ نے مکہ آنحضرت ﷺ کے قدموں میں ڈال دیا۔ وہ مکہ جہاں سے آپ ﷺ بے سروسامانی کی حالت میں نکلے تھے اب فاتح کی حیثیت سے اس میں داخل ہوئے اور سب کو امان دی۔ ایسا کبھی کسی نبی کے ساتھ نہیں ہوا کہ انہیں ان کی قوم نے نکالا ہو اور وہ نبی خدا کی تائید سے محروم ہوا ہو۔ اسی طرح آنحضرت ﷺ کو بھی مکہ سے ہجرت کے بعد عظیم الشان کامیابیاں عطا ہوئیں۔ اسلام کی سچائی کی روشنی مکہ کے صحرا سے نکل کر دنیا میں

Schluss hat Huzoor (saw) diese Moschee geliebt. In Qaba angekommen waren erst drei Tage vergangen, als auch Hadhrat Ali (ra) den dem Heiligen Propheten (saw) von den Mekkanern anvertrauten Besitz, den Menschen von Mekka zurück gegeben hatte und nach Medina kam.
Während des Aufenthalts in Medina legte der Heilige Prophet (saw) den Grundstein für die islamische Regierung. Die Feinde griffen immer und immer wieder an. Er (saw) musste an diesen Kriegen teilnehmen. Dann kam die Zeit, wo Allah Ta'ala dem Heiligen Propheten (saw) Mekka zu Füßen legte. Jenes Mekka, das er (saw) mittellos verlassen musste, aus dem er (saw) vertrieben worden war, dahin kehrte er (saw) nun siegreich zurück und brachte allen Frieden. Es ist nie geschehen, dass ein Volk einen Propheten vertreibt und dieser nicht Allahs Hilfe und Unterstützung erfahren hätte. Genauso hat Huzoor (saw) nach der Auswanderung aus Mekka großen Erfolg erhalten. Das Licht des wahren Islams wurde aus der Wüste Mekkas für die ganze Welt entzündet. Und die Welt sah es.
(Nabiyoon ka Sardar geschrieben von Hazrat khalifa-tul-Masih2.rs)

Liebe Nasirat wusstet Ihr, dass der Heilige Prophet (saw) nicht der erste Prophet war. Vor ihm (saw) gab es viele Propheten, wie z.B. Hadhrat Ibrahim (as), Hadhrat Musa (as), Hadhrat Isa (as) usw. Auch sie mussten auswandern und bekamen Erfolg durch Allah Ta'ala. Allah sagt im Heiligen Qur-ân: „Die, welche glauben und auswandern und mit ihrem Gut und ihrem Blut kämpfen für Allahs Sache, die nehmen den höchsten Rang ein bei Allah, und sie sind es, die Erfolg haben." (Sura Al-Taubah (9,) Vers 20 von Hazrat Mirza Tahir Ahmad 4. Khalf ra)

Liebe Nasirat, was habt Ihr aus den Begebenheiten der Auswanderung des Heiligen Propheten (saw) gelernt?
Dass Allah Ta'ala seine gläubigen, rechtschaffenen Diener niemals im Stich lässt, sondern sie immer Unterstützt, ihnen zum Erfolg und Sieg hilft und die Feinde erfolglos bleiben.

پھیل گئی۔اور دنیا نے یہ نظارا دیکھا۔(ماخوذ از نبیوں کا سردار ﷺ صفحہ 52-62،مصنف حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ)

پیاری ناصرات کیا آپ کو پتہ ہے کہ حضرت محمد ﷺ ہجرت کرنے والے پہلے نبی نہیں تھے بلکہ ان سے پہلے بہت سے نبیوں مثلاً حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام،حضرت عیسیٰ علیہ السلام وغیرہ نے بھی اپنے ملکوں سے ہجرت کی اور خدا تعالیٰ نے ان کو کامیابیاں عطا کیں۔

کہ پھر اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور جانوں سے جہاد کیا وہ اللہ کے نزدیک درجے کے اعتبار سے بہت بڑے ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہونے والے ہیں۔(سورۃ التوبہ آیت 20 ترجمہ حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابعؒ)

پیاری ناصرات! آپ نے ہجرت نبوی ﷺ کے اِس واقعہ سے کیا سبق سیکھا؟ یعنی اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو کبھی ضائع نہیں کرتا بلکہ ہر لمحہ اپنی تائید غیبی سے نوازتا ہے،انہیں عظیم الشان کامیابیاں اور فتوحات عطا کرتا ہے اور اُن کے دشمنوں کو ناکام و نامراد کرتا ہے۔

Geschichte des Ahmadiyyat

Die Geschichte der Hijrat von Hadhrat Mirza Tahir Ahmad(rh)

Liebe Nasirat, was ist die Bedeutung von Hijrat? Das wisst Ihr bestimmt wegen der Hijrat-e-Nabwi. Hijrat ist keine einfache Sache, dafür muss man sein Land, sein Haus, all seinen Besitz zurücklassen und auswandern. Man lebt an einem neuen Ort, wo die Umgebung, die Menschen, die Sprache und die Lebensweise ganz anders sind. Die Hijrat kann aus religiösen Gründen sein oder aus finanziellen Gründen oder wenn jemand sich Wissen aneignen möchte an einem anderen Ort, oder sich woanders in medizinische Behandlung begeben muss. Im Heiligen Quran hat Allah Ta'ala Hijrat als Pflicht angeordnet, wenn Muslime keine Religionsfreiheit haben und wenn ihre Menschenrechte nicht geachtet werden, dass sie dann in ein anderes Land auswandern müssen. Da es die Aufgabe eines Muslims ist, die Menschen zu Allah zu rufen und er auch deswegen auswandert, so bewältigt er die Probleme, die ihm bei der Auswanderung begegnen und ist nicht besorgt. Und er ruft die Menschen mit neuem Mut und Eifer zu Allah Ta'ala.

In der Geschichte der Jamaat-e-Ahmadiyya gibt es zwei Hijrats. Die erste Hijrat war von Hadhrat Mirza Bashiruddin Mahmood Ahmad (ra), Khalifatul Massih II., als er von Qadian (Indien) nach Rabwah (Pakistan) auswanderte. Die zweite Hijrat war von Hadhrat Mirza Tahir Ahmad (rh) Khalifatul Massih IV., er wanderte von Rabwah (Pakistan) nach London (Großbritanien) aus.

Die Zeit der Hijrat war für alle Jamaat Mitglieder sehr schmerzhaft, da der Imaam der Zeit sein eigenes Land verlassen musste.

Am Sonntag, dem 26.April 1984 erließ der damalige pakistanische Präsident, General Zia-ul-Haque ein Gesetz, das alle Ahmadis in Pakistan ihrer Rechte beraubte. Sie durften auch nicht in der eigenen Moschee Lautsprecher benutzen, weswegen sie, obwohl der Khalif der Zeit unter ihnen war, seine Ansprachen nicht hören konnten.

Ein Ahmadi durfte per Gesetz durch seine Aussagen, Schriften oder Taten kein Verhalten

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ علیہ کا واقعہ ہجرت

پیاری ناصرات! ہجرت کا مطلب کیا ہے؟ وہ تو آپکو ہجرتِ نبوی سے سمجھ آ گئی ہو گی۔ ہجرت کوئی آسان کام نہیں ہے اس کے لیے اپنا ملک، گھر سب سامان غرض ہر چیز چھوڑ کر انسان دوسری جگہ رہنے لگتا ہے جہاں کا ماحول، لوگ، زبان اور رہنے کے طریقے سب کچھ نیا ہوتا ہے یہ ہجرت دینی مقصد کے لیے بھی ہو سکتی ہے مثلاً علم حاصل کرنے کے لیے رزق کمانے کے لیے یا پھر علاج کروانے کے لیے بھی انسان ہجرت کرتا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے ہجرت مومنوں کیلئے ایک فریضہ قرار دیا ہے جبکہ وہ مجبوری کی اس حالت میں ہوں کہ نہ تو مذہبی آزادی حاصل ہو اور نہ وہ اپنے انسانی حقوق کی حفاظت کر سکتے ہوں تو ان کا فرض ہے کہ وہ اپنا ملک چھوڑ کر کہیں اور آباد ہو جائیں۔ مومن کا کام چونکہ لوگوں کو خدا کی طرف بلانا ہوتا ہے اور وہ اسی وجہ سے ہجرت کرتا ہے تو وہ ان سب مشکلات سے جو اسے ایک نئی جگہ پیش آتی ہیں بالکل نہیں گھبراتا بلکہ ایک نئے جذبے سے اللہ کا پیغام دنیا تک پہنچانے کے لیے کوشش کرتا ہے۔

جماعت احمدیہ کی تاریخ میں ہمیں دو ہجرتوں کا ذکر ملتا ہے پہلی ہجرت جو حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے دور میں قادیان سے ربوہ ہوئی اور دوسری ہجرت وہ ہے جو حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ربوہ سے لندن کی۔ وہ وقت تمام جماعت احمدیہ کے لیے بہت تکلیف کا تھا جب امام وقت کو اپنا وطن چھوڑنا پڑا۔

26/اپریل 1984ء بروز اتوار پاکستان کے اسوقت کے صدر جنرل ضیاء الحق نے ایک قانون جاری کیا جس میں پاکستان میں احمدیوں کو ہر حق سے محروم کر دیا گیا۔ یہاں تک کہ اپنی مسجدوں کے اندر بھی وہ اپنی زبان میں ایک دوسرے کو لاؤڈ سپیکر پر نصیحت بھی نہیں کر سکتے تھے جسکی وجہ سے جماعت خلیفہ وقت کے وہاں رہتے ہوئے بھی اُن کے خطابات سے محروم ہو گئی کسی احمدی کو یہ حق نہیں کہ وہ اپنی زبان سے یا تحریر یا کوئی ایسا عمل بھی کرے جس سے وہ مسلمان ظاہر ہوتا ہو

zeigen, dass ihn als Muslim erkennen ließ, ansonsten drohten Gefängnisstrafen. Denn im Gesetz steht das Qadianis (Ahmadis) nicht den Azaan rufen, ihre Moscheen nicht als Moscheen bezeichnen, und all die Dinge nicht sagen dürfen, die Liebe zu Allah und zum Heiligen Propheten (saw) beweisen (wie z.B Kalima,Duru'd Sharif usw.). Dies war eine sehr seltsame und schmerzhafte Situation für die Ahmadis. Tausende Ahmadis kamen mit traurigen Herzen nach Rabwah. Hadhrat Khalifatul Massih IV (rh) sagte: „Ich erlaube euch nur, vor Allah Ta'ala zu weinen – mehr nicht.“ Zu jener Zeit weinten die Ahmadis sowohl in den kleinen als auch den großen Moscheen in ganz Pakistan.
Hadhrat Khalifatul Massih IV. (rh) sagte: „Ich halte euch davon ab, denn ich weiß, dass das Ergebnis davon ist, dass eure Geduld zum Himmel emporsteigen wird. Wendet euch durch Gebete zum Himmel und betet mit solcher Inbrunst und solchem Schmerz, dass Gottes Bestimmung eure Trauer in Freude umwandelt.“ (Khutba Jummah, 30.April 1984)
Liebe Kinder, die Ahmadis gehorchten Hudhur, und waren geduldig, standhaft und tapfer und baten nur Allah allein um Hilfe. Hudhur hatte gesagt, dass man Gottes Aufgaben Gott überlassen sollte, Er ist der Herrscher, Sein Urteil kommt, wann Er es will. Und wenn Sein Urteil kommt, dann werden selbst die größten Berge zu Trümmern. Keiner kann sich Allahs Bestimmung entgegenstellen, und wir alle haben gesehen, was demjenigen, der diese Gesetze erlassen hatte, dem damaligen pakistanischen Präsidenten Zia ul Haque, widerfahren ist. Während einer Reise im Jahr 1988 explodierte sein Flugzeug in der Luft aus unerklärlichen Gründen, und es wurde nicht einmal sein Leichnam gefunden.
Liebe Nasirat, kommen wir zur Hijrat von Hadhrat Khalifatul Massih IV. (rh) zurück. Hudhr erzählte selbst darüber: „Nicht meine Sicherheit stand auf dem Spiel, sondern meine Möglichkeit, meine Meinung zu äußern. Mit diesem Gesetz konnte Zia mich als effektives Oberhaupt meiner Gemeinde ausschalten. Ich konnte in Pakistan bleiben und sprechen und dann ins Gefängnis geworfen werden. Wenn ich herauskäme, könnte ich wieder sprechen und dann für weitere drei Jahre ins Gefängnis gehen. In Ahmadiyyat kann kein neues Oberhaupt gewählt werden, solange das alte noch am Leben ist, selbst, wenn es im

اگر ایسا کرے گا تو قانون کے مطابق جیل میں جائے گا کیونکہ قانون میں یہ ہے کہ قادیانی اذان نہیں دیں گے مسجدوں کو مسجد نہیں کہیں گے اور ساری وہ باتیں جن سے خدا اور رسول ﷺ کی محبت ثابت ہوتی ہوں نہیں کر سکتے۔ ایک عجیب اور تکلیف دہ صورتحال تھی۔ ہزاروں احمدی دکھی دلوں کیساتھ ربوہ پہنچ رہے تھے۔

حضورؒ نے فرمایا کہ ”صرف میں تمہیں خدا کے حضور رونے کی اجازت دیتا ہوں اس سے زیادہ نہیں“۔ اُسوقت بڑی سے بڑی اور چھوٹی سے چھوٹی مسجد میں بھی خدا کے حضور رو رو کر دعا کرنے کی وجہ سے عجیب کیفیت تھی۔

حضورؒ نے فرمایا ”میں جو تمہیں روک رہا ہوں میں جانتا ہوں کہ اس کے نتیجہ میں تمہارا صبر آسمان کی طرف روانہ ہوگا تم دعاؤں کے ذریعہ آسمان کی طرف رُخ کرو اور اس قوت زور اور درد سے دعائیں کرو کہ خدا کی تقدیر تمہارے غم کو خوشیوں میں بدل دے“۔

(خطبہ جمعہ 30 اپریل 1984ء)

تو بچو سب نے حضورؒ کی بات مانی۔ صبر، برداشت اور حوصلے سے کام لیا اور صرف خدا تعالیٰ سے مدد مانگی۔ حضور نے فرمایا تھا کہ خدا کا کام خدا پر چھوڑیں وہ مالک ہے جب چاہے گا اسکا فیصلہ آئیگا اور جب اُس کا فیصلہ آیا کرتا ہے تو بڑے بڑے پہاڑ بھی چکنا چور (ٹوٹ) ہو جاتے ہیں طاقت نہیں رہتی۔ خدا کی تقدیر کے سامنے کسی کی مجال نہیں روک بنے اور ہم سب نے تو دیکھا کہ اس قانون بنانے والے ضیاء الحق (اس وقت کے پاکستان کے صدر) کا کیا انجام ہوا۔

1988ء میں ایک سفر کے دوران اس کا جہاز دورانِ پرواز تباہ ہو گیا اور اس کی لاش تک نہیں ملی۔

پیاری ناصرات! ہم حضورؒ کی لندن ہجرت کی بات کر رہے تھے حضورؒ خود اس بارہ میں فرماتے ہیں کہ ”میری حفاظت خطرہ میں نہیں تھی بلکہ میری بولنے کی طاقت خطرہ میں تھی اِس قانون کے ذریعہ جماعت کے سربراہ ہونے کی حیثیت سے ضیاء (صدر پاکستان) مجھے خاموش کروا سکتا تھا، میں پاکستان میں رہ سکتا تھا لیکن جب بھی بولتا مجھے جیل بھیج دیا جاتا، جب میں باہر آتا دوبارہ بولتا اور دوبارہ تین سال کے لیے جیل بھیج دیا جاتا“۔

Gefängnis sitzt und völlig von der Außenwelt isoliert ist. Dies würde eine kopflose Gemeinde bedeuten.
Der Kalif ist in seinen Entscheidungen von Gott geleitet, und so kann er seine Entscheidungen auch nicht an ein Komitee delegieren. Einige Entscheidungen müssen vom Kalifen getroffen werden und diese Entscheidungen sind endgültig. Wenn er nicht fähig wäre, eine Entscheidung zu treffen, könnte dies zu einer sehr bedrohlichen Situation führen.“ Der Vorschlag seiner Ratgeber war einstimmig – er sollte sofort Pakistan verlassen.
[Hudhur (rh)] nahm den Vorschlag seiner Amire und anderen Berater an, dass er Pakistan verlassen solle – allerdings unter einer Bedingung – bis zum Zeitpunkt seiner Abreise dürfe kein Haftbefehl gegen ihn erlassen worden sein, (...) falls irgendetwas dergleichen gegen ihn vorgebracht würde, würde er das Land nicht verlassen. (aus: Ein Mann Gottes, Iaian Adamson, Verlag der Islam, Erste Auflage 2000, S. 256-259)

Liebe Nasirat, es ist Regel in unserer Gemeinde, dass wir nicht gegen die gesetzlichen Regeln des Landes verstoßen, in dem wir leben. Hudhur (rh) sagte, dass er das Land nicht verlassen würde, wenn ein Haftbefehl gegen ihn erlassen werden würde, das zeigt seinen Mut. Denn auch in dieser schwierigen Situation hielt er sich an die Gesetze des Landes.
Hudhur (rh) hatte auch strengstens befohlen, dass keine falschen Aussagen bezüglich seiner Auswanderung gemacht werden dürften. Er wollte sich auch nicht verkleiden oder mit einem anderen Namen oder Reisepass ausreisen.
Hudhurs Reiseplan war wie folgt: Nach dem Fajr Gebet fuhr Hudhurs Auto in Rabwah los. Sein drittältester Bruder war in seinem Auto, er hatte eine weißes Gewand („Atschkann“) und Turban („Pagri“) an. Und wie gewohnt fuhren zur Sicherheit ein Auto vor dem Auto und zwei Autos hinter dem Auto, in diesen waren die Sicherheitsleute von Hudhur (rh), welche dem pakistanischen Geheimdienst wohlbekannt waren.
Der Geheimdienst benachrichtigte die pakistanischen Behörden, dass Hudhur (rh) nach Islamabad fährt und, dass er vom Geheimdienst verfolgt wird.

جماعت احمدیہ میں ایک خلیفہ کی موجودگی میں دوسرے خلیفہ کونہیں چنا جا سکتا بے شک پہلے خلیفہ نظر بند ہوں اوران سے کسی صورت میں رابطہ نہ ہوسکتا ہواس کا مطلب یہ ہوتا کہ یہ جماعت سربراہ کے بغیر ہوتی۔خلیفہ کوخدا کی رہنمائی حاصل ہوتی ہے وہ اپنے فیصلے کے اختیارات ایک کمیٹی کونہیں سونپ سکتا کچھ فیصلے لازمًا خلیفہ کوہی کرنے ہوتے ہیں اوروہ فیصلہ آخری ہوتا ہے۔اگروہ کوئی فیصلہ نہ کر سکےتو حالات خطرناک بھی ہوسکتے ہیں حضورؒ کے ساتھیوں کی متفقہ رائے یہ تھی کہ آپؒ کوفورًا پاکستان چھوڑ دینا چاہیے۔
حضورؒ نے امراء اوردوسرے ساتھیوں کے مشورہ کوقبول فرمایالیکن ایک شرط کے ساتھ کہ جب ملک چھوڑیں گےتو اُس وقت تک آپ کی گرفتاری کے لیے کوئی حکم جاری نہیں ہوا ہوگا اورکوئی ایسا سرکاری نوٹس آپکوملا تو آپ ملک نہیں چھوڑیں گے۔

پیاری ناصرات! ہماری جماعت کا قانون ہے کہ جس ملک میں رہتے ہیں اس کے قانون کی خلاف ورزی کبھی نہیں کرتے۔خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے جو یہ فرمایا کہ ’’وارنٹ جاری ہوئے تو میں کہیں نہیں جاؤں گا‘‘ اس سے حضورؒ کی بہادری ثابت ہوتی ہے کہ اتنے مشکل حالات میں بھی قانون کی پابندی کرنے والے تھے۔حضورؒ کا سختی سے یہ حکم بھی تھا کہ آپ کی روانگی کے متعلق کسی قسم کی غلط بیانی یا جھوٹ سے کام نہیں لیا جائیگا نہ آپ کوئی بھیس بدلیں گے نہ ہی کسی اور کے پاسپورٹ پرسفر کریں گے ۔

حضورؒ کی ربوہ سے روانگی کی پلاننگ اسطرح کی گئی کہ صبح فجر کی نماز کے فورًا بعد حضورؒ کی گاڑی ربوہ سے روانہ ہوئی جس میں حضورؒ کے تیسرے بڑے بھائی سفید اچکن اور پگڑی پہنے بیٹھے تھے اورحضورؒ کی حفاظت کے لیے جیسے عمومًا ہوتا ہے ایک گاڑی آگے اوردو گاڑیاں حضورؒ کی گاڑی کے پیچھے تھیں جن میں حضورؒ کے ذاتی محافظ بیٹھے تھے۔

Der Geheimdienst benachrichtigte die pakistanischen Behörden, dass Hudhur (rh) nach Islamabad fährt und, dass er vom Geheimdienst verfolgt wird.
Doch zwei Stunden vorher, nachts um zwei Uhr fuhren im Dunkeln zwei weitere Autos von Rabwah nach Karachi (Strecke:750km) los. Über dieser Details der Abreise von Hudhur (rh) wussten aus Sicherheitsgründen sehr wenige Mitglieder Bescheid.
Liebe Nasirat, Hudhur (rh) erzählte im Nachhinein, dass nach der Entscheidung der Auswanderung Allah Ta'ala zwei Personen mitteilte, wie und wann aus Pakistan abgereist werden soll.
Ein chinesischer Ahmadi namens Usman Chou, schrieb Hudhr (rh) einen Brief mit seinem Traum. Den Traum verstand er selber nicht, jedoch wusste er, dass der Traum mit Hudhur (rh) zu tun hatte. In diesem Traum sah er sozusagen den ganzen Abreiseplan von Hudhur (rh). Hudhur (rh) war sich nun sehr sicher, dass Allah Ta'ala seine Abreise gesegnet hatte und der Plan erfolgreich sein würde.
Die zweite Person, die Allah Ta'ala von der Reise benachrichtigte war Hudhurs Tochter Faiza. Sie berichtete Hudhur (rh) einen Tag vor der Abreise aufgebracht ihren Traum. Sie hatte geträumt, dass auf einer Straße zwei Autos fuhren, diese Autos waren nicht die Autos von Hudhur (rh), die er täglich benutzte, jedoch wusste sie, dass Hudhur (rh) in diesen Autos war. Die Autos wurden langsamer an einer Stelle, wo es aussah als würde die Straße repariert werden, jedoch arbeiteten dort keine Bauarbeiter. Dort lagen Steine, weswegen die Autos langsamer wurden. Sofort kamen einige Bettler zu ihnen, Faiza Sahiba gefielen ihre Gesichter nicht und sie erschrak.Aus dem vorderen Auto wurde eine Hand ausgestreckt und diese warf Ein-Rupien-Scheine heraus, die Bettler rannten zu dem Geld, und so fuhren die Autos dann weiter auf die Hauptstraße nach Karachi.

Liebe Nasirat, tatsächlich war die echte Situation ähnlich. Die Autos wurden langsamer, weil die Straße beschädigt war, und es lagen Steine im Weg. Einige Bettler näherten sich ihnen, unter ihnen hatten einige Mäntel und Armeestiefel an. Ehe sie das Auto mit Hudhur (rh) erreichten und ihn auf den Beifahrersitz des hinteren Autos entdecken konnten, streckte ein Leibwächter von

جنہیں خفیہ ایجنسی والے اچھی طرح جانتے تھے انہوں نے حکومت کو رپورٹ دی کہ حضورؒ اسلام آباد جا رہے ہیں انکا پیچھا کیا جا رہا ہے جبکہ اس روانگی سے تین گھنٹے قبل صبح کے دو بجے جب بالکل اندھیرا تھا۔ دوسری دو گاڑیوں نے ربوہ چھوڑا اور اور کراچی جو 750 کلومیٹر دور تھا کے لیے روانہ ہوئیں۔ آپکی روانگی کے متعلق بہت کم لوگوں کو علم تھا۔ کیونکہ سکیورٹی کے لیے یہ سب ضروری تھا کہ جب پتہ ہی نہیں ہوگا تو اتفاقاً بھی کسی کے منہ سے کوئی بات نہیں نکلے گی۔

پیاری ناصرات! حضورؒ نے بعد میں بتایا کہ خدا تعالیٰ نے فیصلہ کے کچھ دیر بعد ہی دو آدمیوں کو بتا دیا تھا کہ کب اور کیسے روانگی ہوگی، ایک بزرگ چینی النسل احمدی ''عثمان چو'' کا خط موصول ہوا جس میں انہوں نے اپنی ایک خواب بیان کی تھی خواب تو اُنکی سمجھ میں نہیں آسکتی تھی لیکن انہیں یہ یقین تھا کہ اس خواب کا حضورؒ سے کوئی نہ کوئی تعلق ضرور ہے۔ اُس خط میں اس منصوبہ کا سارا خاکہ موجود تھا جسکے مطابق حضورؒ نے سفر کرنا تھا اور جسکے متعلق آخری فیصلہ ہوئے ابھی چند گھنٹے ہی گزرے تھے اس خواب میں خفیہ پلان تھا حضورؒ فرماتے ہیں ''اس خط سے ہی مجھے پتہ چل گیا کہ پلان کامیاب ہوگا اللہ تعالیٰ نے اِسے قبول فرمالیا ہے مجھے اس کی کامیابی کے بارہ میں کوئی خوف نہیں تھا''۔

دوسرا شخص جسے اللہ تعالیٰ نے حضورؒ کی روانگی کے بارہ میں پیغام دیا آپکی صاحبزادی فائزہ تھیں۔ اُنہوں نے آپکی روانگی سے ایک دن پہلے کشمکش کی حالت میں اپنا خواب سُنایا ایک رات پہلے انہوں نے دیکھا۔
ایک سڑک پر دو گاڑیاں ہیں اور اگرچہ وہ حضورؒ کے روزمرہ استعمال کی گاڑی نہ تھی لیکن وہ جانتی تھیں کہ حضورؒ ان گاڑیوں میں ہیں اور گاڑیاں ایک ایسی جگہ پہنچ کر آہستہ ہوگئیں جہاں ایسا لگتا تھا جیسے سڑک کی مرمت ہو رہی ہے لیکن وہاں کام نہیں ہو رہا تھا نہ کوئی مزدور تھا صرف پتھروں کے ڈھیر تھے جسکی وجہ سے گاڑی

آہستہ کرنی پڑی جیسے ہی انہوں نے ایسا کیا دیکھا کہ ایکدم کچھ فقیر اُنکی طرف آرہے ہیں۔ صاحبزادی صاحبہ کو انکے چہرے اچھے نہ لگے وہ بہت ڈر گئیں پھر دیکھا کہ اچانک سامنے والی گاڑی سے ایک ہاتھ باہر نکلا اور ایک روپے کے نوٹ پھینکنے شروع کیے بہت سے فقیر انکے لیے بھاگے اور گاڑیاں پتھروں کے ڈھیروں سے گزرتی ہوئی کراچی کی طرف جانیوالی بڑی سڑک پر چڑھ گئیں۔

Hudhur aus dem vorderen Auto seine Hand hinaus und warf eine Handvoll Ein-Rupien-Scheine auf die Straße. Die Bettler versuchten sofort diese Scheine aufzuheben. So fuhr Hudhurs Auto unentdeckt an den Männern vorbei auf seiner Route weiter.

Die Reisenden hielten später auch an einem Restaurant, wo Hudhur (rh) aus dem Auto stieg und Teetrank. Er redete auch mit dem Besitzer über alte Zeiten. Am Flughafen in Karachi zeigte Hudhur seinen Reisepass den Passkontrolleuren und ging in einen Extraraum, um zu warten, als die Ansage kam, dass der Flug sich verspäten würde. In diesem Flugzeug gab es keinen Fluggast auf den gewartet wurde, sondern die Verspätung war aufgrund von Hudhur (rh). Viele Monate später erfuhren wir, dass Hudhurs (rh) der Festnahme sehr nah gewesen war. Die Passkontrolleure hatten einen Brief von General Zia-ul-Haque vor sich, in dem stand: **„ Mirza Nasir Ahmad, der sich der Khalif der Ahmadis nennt, soll Pakistan nicht verlassen.“**

Er hatte dieses Verbot für den Dritten Khalifen, Hadhrat Mirza Nasir Ahmad (rh) erlassen, der jedoch schon zwei Jahre zuvor verstorben war. Auf dem Pass von Hadhrat Khalifatul Massih IV. (rh) stand deutlich, dass er Mirza Tahir Ahmad hieß und der Imam der Ahmadiyya Jamaat war. Diese Verwirrung konnte nicht geklärt werden und so gab das Kontrollpersonal letztendlich die Starterlaubnis, und das Flugzeug flog ab. Die Jamaat Ahmadiyya Holland wurde benachrichtigt und Hudhur (rh) hielt sich einige Zeit dort auf. Er flog dann nach London. Er ging dann zur Fazl Moschee, wo ca. 300 Ahmadis auf ihn warteten, um ihn willkommen zu heißen.

Obwohl Hudhur sehr müde war, ging er sofort in die Moschee und leitete das Zohr Gebet. Hudhurs Stimme war heiser, da er in Rabwah sehr laut reden musste, aufgrund des Lautsprecher-Verbots in Pakistan.

Die Nachricht von seiner Auswanderung machte Schlagzeilen in aller Welt. General Zia-ul-Haque wollte die Jamaat Ahmadiyya vernichten, jedoch hatte er ihr die Möglichkeit gegeben sich weiter zu entwickeln. In London hatte Hudhur (rh) die Möglichkeit, dass er alle Ahmadis in aller Welt anweisen konnte. Hudhur (rh) sagte: „ Allahs Wege sind wundersam“.

Liebe Nasirat, das Ilham von Hadhrat Massihe Maud (as), dass die Sonne aus dem Westen aufgehen wird, fing sich an zu erfüllen mit der Auswanderung des Vierten Khalifen. Dieses Ilham

پیاری ناصرات! آپکو پتہ ہے کہ اصل واقعہ بھی کچھ اس طرح ہوا راستہ میں خراب سڑک کی وجہ سے جونہی گاڑیاں آہستہ ہوئیں کچھ فقیر جنہوں نے گاؤن اور آرمی کے بوٹ پہنے ہوئے تھے کار کی طرف آرہے تھے اور قبل اس کے کہ وہ حضورؒ کی گاڑی کے بالکل پاس پہنچ کر جان جاتے کہ ڈرائیور کے ساتھ والی سیٹ پر حضورؒ بیٹھے ہیں اچانک پہلی گاڑی میں سے سیکیورٹی کے ایک آدمی نے کھڑکی کھول کر مٹھی بھر کر ایک روپے کے کئی نوٹ باہر پھینک دیے فقیر انہیں اُٹھانے بھاگے اور حضورؒ کی گاڑی آگے بڑھ گئی اور آہستہ آہستہ رفتار بڑھا کر اپنے راستہ پر چلی گئی۔

یہ قافلہ ایک ریستوران پر بھی رکا آپ کار سے اُترے چائے خانے کے مالک سے ملے پرانی یادیں تازہ کیں۔ کراچی ایئرپورٹ پر پہنچے حضورؒ نے اپنا پاسپورٹ چیک کروایا اور ایک پرائیویٹ کمرہ میں جہاز کی روانگی کا انتظار کرنے لگے کیونکہ اعلان ہوا کہ جہاز دیر سے روانہ ہوگا۔ اس میں کوئی شخص نہیں تھا جسکی وجہ سے دیر ہوتی یہ تاخیر حضورؒ کی موجودگی کی وجہ سے تھی لیکن کافی مہینوں کے بعد پتہ چلا کہ حضورؒ گرفتاری کے کس قدر قریب تھے۔ پاسپورٹ آفیسرز کے سامنے ایک خط تھا ضیاء الحق کا خط اس میں لکھا تھا **مرزا ناصر احمد جو اپنے آپکو جماعت احمدیہ کا خلیفہ کہتا ہے کو ملک چھوڑنے کی اجازت نہیں۔**

اس نے پابندی حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ پر لگائی جنہیں وفات پائے دو سال ہو چکے تھے حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے پاسپورٹ پر واضح لکھا ہوا تھا کہ انکا نام مرزا طاہر احمد ہے اور یہ کہ وہ عالمی جماعت احمدیہ کے امام ہیں۔ باوجود کوشش کے یہ الجھن دُور نہ ہوسکی اور جہاز کو اُڑنے کی اجازت دے دی گئی، جماعت احمدیہ ہالینڈ کو حضورؒ کی آمد کی اطلاع دی گئی کچھ دیر ہالینڈ قیام کے بعد اگلی فلائیٹ سے حضورؒ لندن کے لیے روانہ ہوگئے۔ آپؒ مسجد فضل لندن پہنچے جہاں تقریباً تین سو احمدی آپ کے استقبال کے لیے موجود تھے حضورؒ کے کپڑوں پر سلوٹیں تھیں۔

آنکھیں سرخ تھیں، چہرے پر تھکاوٹ کے آثار تھے لیکن پھر بھی آپؒ نمازِ ظہر ادا کرنے سیدھے مسجد گئے آپ کی آواز بیٹھی ہوئی تھی اس کی بعد میں وضاحت فرمائی کہ ربوہ میں لاؤڈ سپیکر بند ہونے کی وجہ سے اونچی آواز میں بولنا پڑتا تھا۔ اگلے دن آپؒ کی پاکستان سے ہجرت کی خبر دنیا بھر کے اخباروں میں پہلے صفحہ پر تھی۔ ضیاء الحق جماعت احمدیہ کو ختم کرنا چاہتا تھا لیکن اُس نے اس تحریک کو اور ترقی کرنے اور بڑھنے کا موقع دے دیا۔ لندن پہنچ کر حضورؒ کو وہ موقع ملا جس سے آپؒ ساری دنیا میں جماعت احمدیہ کی راہنمائی کر سکتے تھے اس سلسلہ میں آپؒ نے فرمایا ’’خدائی حکمتیں بھی کتنی حیرت انگیز ہوتی ہیں‘‘۔

bedeutete, dass der Islam sich in Europa verbreiten wird, und in heutiger Zeit geht die Sonne nie für Ahmadis unter. Die Hijrat war aufgrund von Allahs Willen und hat nur mit Seiner Hilfe stattgefunden.
Aufgrund dessen, dass Hadhrat Khalifatul Massih IV. (rh) nun in London wohnhaft war, verbreiteten sich die Strahlen des Islams weltweit, bis heute noch. Heutzutage überbringt der Fernsehsender Muslim Television Ahmadiyya (MTA) International in London gleichzeitig weltweit den Wahrheitssuchenden die wahrhaftige Botschaft des Islams.
Ahmadiyyat, der wahre Islam, hätte sich niemals in dem Maße in Pakistan weiterentwickeln können. Dies sind die Segnungen der Hijrat. Vieler unserer Familien sind auch aus Pakistan nach Europa und weltweit ausgewandert.
Liebe Nasirat! Ihr könnt es euch jetzt bestimmt denken, dass Allah der uns aus Pakistan nach Deutschland geholt hat, dahinter sehr große Zwecke verborgen hat. Denn wir sind diejenigen, die von Allah die Möglichkeit erhalten haben, hier die Botschaft des wahren Islam zu verbreiten. InshaAllah.
Wenn wir diese Aufgabe nicht mit voller Aufmerksamkeit erledigen, dann kann Allah, wenn er möchte, uns durch andere Völker ersetzen. Denn Allah wird sein Versprechen an den Verheißenen Messias (as) in jedem Fall erfüllen.
Liebe Mädchen! Betet, dass wir durch die vollkommene Gehorsamkeit gegenüber unserem geliebten Imam, Hadhrat Khalifatul Massih V. (atba) den Zweck unserer Hijrat (Auswanderung) erfüllen können. Und somit durch die Segnungen Allahs auch am Fortschritt von Ahmadiyyat teilhaben können, damit wir dies unserer nachfolgenden Generation erzählen können, dass wir in unserer Zeit versucht haben, diese Aufgabe zu erfüllen. Wenn wir darüber hinaus die Umstände in Pakistan und Deutschland vergleichen, sollten wir Allah dankbar sein, dass wir hier durch diese Hijrat alle nötigen Möglichkeiten erhalten haben und auch vollkommene Religionsfreiheit. Wir können uns jederzeit in der Moschee zum Beten und für Jamaat Veranstaltungen versammeln.
Das Schönste ist jedoch, dass Hudhur (atba) uns jährlich, manchmal sogar zweimal im Jahr besucht.
Möge Allah uns die Möglichkeit geben, Nutzen aus den Segnungen des Khilafats zu ziehen.

پیاری ناصرات ! حضرت مسیح موعودؑ کا یہ الہام کہ سورج مغرب سے طلوع ہوگا اس ہجرت کے ساتھ پورا ہونا شروع ہوگیا۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ اسلام یورپ میں پھیلے گا اور آج یہ حال ہے کہ احمدیوں پر سورج غروب ہی نہیں ہوتا۔ اس ہجرت نے ثابت کیا کہ یہ ہجرت خدا کی مدد اور اسکی رضا سے ہوئی۔ پیارے آقا کے لندن قیام سے اسلام کی کرنیں ساری دنیا میں پھیلی اور پھیل رہی ہیں۔ آج مسلم ٹیلی ویژن احمدیہ عالمگیر ایک وقت میں دنیا کے کونے کونے میں پہنچ کر سچائی کے طالبوں کو پیغام حق پہنچا رہا ہے۔

احمدیت یعنی حقیقی اسلام کو جو ترقی لندن قیام کے دوران ملی ہے پاکستان میں رہتے ہوئے ناممکن تھی یہ سب اُسی ہجرت کی برکات ہیں۔ ہم میں سے زیادہ خاندان پاکستان سے ہجرت کر کے یورپ اور پوری دنیا میں پھیل رہے ہیں۔ پیاری ناصرات! آپ کو اندازہ ہوگیا ہوگا کہ خدا تعالیٰ جو ہمیں پاکستان سے جرمنی لایا ہے۔ اس ہجرت کے پیچھے بہت بڑے بڑے مقاصد ہیں۔ ہم وہ ہیں جن کے ذریعے خدا تعالیٰ نے جرمن قوم کو احمدیت یعنی حقیقی اسلام میں داخل کرنا ہے۔ انشاءاللہ۔

اگر ہم اسلام کا پیغام پہنچانے کا کام پوری توجہ اور کوشش سے نہیں کریں گے تو خدا تعالیٰ چاہے تو ہماری جگہ دوسری قوم لاسکتا ہے کیونکہ خدا تعالیٰ کا اپنے مسیح موعودؑ سے جو وعدہ ہے وہ ہر حال میں پورا ہوگا احمدیت یعنی حقیقی اسلام نے جرمنی میں پھیلنا ہی ہے۔ انشاءاللہ۔

پیاری بچیو! دعا کریں کہ ہم اپنے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی کامل اطاعت کرتے ہوئے اپنے ہجرت کے مقصد کو پورا کرنے والی بنیں اور خدا تعالیٰ کے فضل سے احمدیت کی ترقی میں ہمیں بھی حصہ عطا ہو۔ تا کہ ہم اپنی آئندہ آنے والی نسلوں کو بتا سکیں کہ ہم نے اپنے وقت پر کام پورا کرنے کی کوشش کی تھی۔ اس کے علاوہ اگر ہم پاکستان اور جرمنی کے حالات کا موازنہ کریں تو ہمیں خدا تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرنا چاہئے کہ اس ہجرت کے نتیجہ میں ہمیں یہاں پر زندگی کی ہر سہولت میسر ہے اور پوری پوری مذہبی آزادی حاصل ہے۔ ہم جب چاہیں مساجد میں نمازوں اور دوسرے جماعتی پروگرامز کے لئے جمع ہو سکتے ہیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہمارے پیارے حضور ہر سال اور بعض اوقات سال میں دو مرتبہ جرمنی تشریف لاتے ہیں۔
اور خدا تعالیٰ ہمیں خلافت کی برکات سے فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرماتا ہے۔ جبکہ پاکستان اور بعض دوسرے ممالک میں احمدی احباب بہت سخت امتحانوں

Auf der anderen Seite müssen Ahmadis in Pakistan und anderen Ländern schwere Prüfungen erdulden. Möge Allah den Zeitraum ihrer Prüfungen schnellstens beenden. Amin. (Khadija 1994 lajnaimaillah germany hijrat Nr. S46.50 und Ein Mann Gottes)	سے گذر رہے ہیں خدا کرے کہ اُن کی آزمائش کا دور جلد تر ختم ہو جائے۔ آمین۔ (ماخوذ از خدیجہ 1994 رسالہ لجنہ اماء اللہ جرمنی ہجرت نمبر صفحہ 50-6، ایک مردِ خدا)

Tarbiyyat

Keuschheit ist zweifelsohne in jeder Hinsicht das Beste Der Sinn des Lebens Der wesentliche Sinn des Lebens, wird im Quran mit folgendem Versausschnitt belegt وما خلقت الجن والانس الا ليعبدون Übersetzung: „Und ich habe die Dschinn und die Menschen nur darum erschaffen, dass sie Mir dienen“ das heißt, Allah zu dienen und darum bemüht sein zu Ihm einen lebendigen Kontakt aufzubauen. Deswegen sind die Menschen, die Allah wahrhaft lieben, stets darum bemüht, nie gegen die Anweisung von Allah und Seinem Propheten Muhammad (saw) zu handeln. Allah hat dem Menschen besondere Eigenschaften gewährt, damit er auf dem Weg der Rechtschaffenheit voranschreitet. Eine dieser Eigenschaften ist die Keuschheit/Sittsamkeit. Bedeutung von Keuschheit/Sittsamkeit: Keuschheit ist ein Teil des Glaubens. Keuschheit bedeutet Schamgefühl zu besitzen, die eigene Ehre zu bewahren und sich von jeder Tat zu hüten, welche von Allah verboten wurde. Diesbezüglich berichtet Hadhrat Abdullah bin Masud (ra) dass der Heilige Prophet (saw) sagte: „ Übe dich vor Allah in Scham, sowie es sich Ihm gegenüber gehört.“ Ein Gefährte des Heiligen Propheten (saw) sagte: „ Allah sei gedankt, denn Er hat uns Keuschheit	”حیا سراسر خیر و برکت ہے“ **انسانی پیدائش کا مقصد!** انسان کی پیدائش کا سب سے بڑا مقصد جو قرآن کریم میں بیان ہوا ہے وما خلقت الجن والانس الا ليعبدون اور میں نے جن وانس کو پیدا نہیں کیا مگر اس غرض سے کہ وہ میری عبادت کریں (سورة الزريت آيت 57 ترجمه حضرت مرزا طاہر احمد خليفه المسيح الرابعؒ) یعنی انسانی پیدائش کا مقصد عبادت الٰہی اور اللہ تعالیٰ سے زندہ تعلق پیدا کرنا ہے۔ اس لئے خدا تعالیٰ سے سچا پیار کرنے والے ہمیشہ اسی کوشش میں لگے رہتے ہیں کہ ان سے کوئی ایسا کام نہ ہو جو اللہ اور اسکے رسول ﷺ کے حکم کے خلاف ہو۔ نیکی کے راستے پر چلنے کیلئے اللہ نے انسان کو بہت سی خصوصیات عطا کی ہیں ان میں سے ایک خلق حیا ہے۔ حیا کا مطلب! حیا ایمان کا حصہ ہے۔ حیا کا مطلب ہے کہ شرم کرنا، اپنی عزت کی حفاظت کرنا اور ہر اس کام سے رکنا جن کو کرنے سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے۔ اس سلسلے میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا

gegeben.“ Hudhur (saw) sagte daraufhin: „ Dies ist nicht genug, denn Keuschheit Allah gegenüber bedeutet, dass ihr eure Gedanken beschützt, euren Bauch und die Nahrung, die ihr zu euch nehmt beschützt, immer den Tod sowie auferlegte Prüfungen vor Augen haltet. Die Person, die im Jenseits belohnt werden will, gibt den Gedanken an das weltliche Leben auf. Wer also solch ein Leben führt, der hat wahrlich die Pflicht der Keuschheit Allah gegenüber erfüllt.“ (Hadiqtul Saleheen S. 769)

Keuschheit/Sittsamkeit in unserem Alltag :

Liebe Nasirat! Die Keuschheit ist ein wichtiger Bestandteil unseres Lebens und sollte in unserem Charakter, Umgang und Verhalten mit anderen stets erkennbar sein. Sogar bei der Berufswahl sollte auf die islamischen Lehren geachtet werden. Wenn wir uns fragen, ab wann denn Keuschheit beginnt, dann ist die Antwort, dass sie von klein an von zu Hause beginnt. Unser geliebter Khalif Hadhrat Mirza Masroor Ahmad (atba) sagte, dass man den Mädchen von klein an angewöhnen sollte, anständige Bekleidung zu tragen wie z.B. Kleider und Oberteile mit langen Ärmeln. Genauso sollte Kleidung, die die Beine nicht bedeckt, vermieden werden. Schon im Alter von 8 und 9 Jahren sollte man den Mädchen angewöhnen ein kleines Dupatta (Tuch) zu tragen. (Ansprache von Hadhur Aqdas November 2006, Ijtema UK)

Auch zu Hause sollte man mit Keuschheit und Anstand leben, indem man daheim solche Kleidung trägt, die den Körper angemessen bedeckt, damit auch zu Hause eine sittsame Atmosphäre herrscht. Ab und zu sieht man, dass außerhalb des Hauses zwar ein Mantel getragen wird, aber daheim nach hiesiger Mode enge Hosen mit kurzen und enganliegendem Oberteil getragen werden, was nicht in Ordnung ist. Wenn diese Mädchen nun heranwachsen, sollten sie auch vor ihren Brüdern und dem Vater ihre Keuschheit wahren.

’’اللہ تعالیٰ کی شرم دل میں ہو۔ جیسا کہ اس سے شرم کرنے کا حق ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا اللہ تعالیٰ کا شکر ہے اس نے ہمیں شرم بخشی ہے۔ حضورﷺ نے فرمایا یوں نہیں بلکہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے شرم رکھتا ہے وہ اپنے سر اور اس میں سمائے ہوئے خیالات کی حفاظت کرے۔ پیٹ اور اس میں جو خوراک بھرتا ہے اس کی حفاظت کرے۔ موت اور ابتلا کو یاد رکھنا چاہیے۔ جو شخص آخرت پر نظر رکھتا ہے۔ وہ دنیاوی زندگی کی زینت کے خیال کو چھوڑ دیتا ہے۔ پس جس نے یہ طرز زندگی اختیار کیا اس نے واقعی اللہ تعالیٰ کی شرم رکھی۔‘‘ (از حدیقۃ الصالحین صفحہ 769 حدیث نمبر 819)

ہمارے روزمرہ معاملات میں حیا کا عنصر!

پیاری ناصرات! اس کا مطلب یہ ہوا کہ اپنی زندگی کے ہر معاملہ میں مثلاً یہ کہ ہمارا کردار جس میں دوسروں سے لین دین، اٹھنا بیٹھنا، ملنا جلنا بھی شامل ہے اس میں حیا کا عنصر ہو۔ آپ نے جاب کونسی ڈھونڈنی ہے وہ ہماری اسلامی تعلیمات کے منافی نہ ہو۔ اگر ہم یہ سوچیں کہ حیا شروع کب ہوتی ہے تو پیاری ناصرات یہ عادت تو بچپن ہی سے اور گھر سے ہی شروع ہو جاتی ہے۔ ہمارے پیارے حضور خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ ’’چھوٹی عمر سے ہی بچیوں کو کپڑے پورے پہننا چاہئیں بغیر بازو کے فراک اور قمیصیں نہ پہنیں ایسے کپڑے نہ پہنیں جس سے ٹانگیں ننگی ہوں۔ آٹھ نو سال کی عمر تک چھوٹا دوپٹہ لینے کی عادت ڈالیں‘‘ (خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نومبر 2006 یوکے اجتماع)

اپنے گھروں میں بھی باحیا طریقے سے رہنا چاہیے۔ گھروں میں بھی لباس ایسا ہونا چاہیے جس سے جسم ڈھکا رہے۔ تاکہ گھر کا ماحول پاکیزہ محسوس ہو۔ بعض اوقات یہ دیکھا گیا ہے کہ گھر سے باہر تو کوٹ پہنا جاتا ہے لیکن گھر میں یہاں کے فیشن کے مطابق بہت تنگ اور چھوٹی چھوٹی قمیصیں پہنی جاتی ہیں جو نہایت نامناسب لگتی ہیں۔ جب بچیاں بڑی ہو جائیں تو بھائی اور باپ سے بھی حیا ضروری ہے۔

Keuschheit/Sittsamkeit im Umgang mit Menschen:

Hierbei ist eine Begebenheit von Hadhrat Nawwaab Mubarka Begum Sahiba (ra), Tochter des Verheißenen Messias (as) erwähnenswert. Sie schreibt: „Als ich klein war und mich nachts fürchtete, so legte ich zu ihm ins Bett. Als ich etwas älter wurde, erklärte er mir (ich war damals 5): „Wenn Kinder älter werden, sollten sie nicht so ins Bett kommen. Ich bin ja meistens wach, wenn du dich fürchtest, kannst du mich – wenn du willst – auch 100 Mal rufen, ich werde dir antworten, dann wirst du keine Angst mehr haben.“ Also sprang ich danach nicht mehr in sein Bett. Aber wenn ich Angst hatte, pflegte ich ihn zu rufen, und er gab mir sofort Antwort. Aber mit der Zeit verschwand die Angst ohnehin vollkommen.

(aus Quratul-Ain Autorin: Sayyada Hafeeza-tul-Rahman S. 91)

Liebe Nasirat, in dieser Begebenheit, in welcher auch Vaterliebe zu erkennen ist, ist gleichzeitig auch eine wunderschöne Lehre von Keuschheit im Kindesalter gegeben. Ebenfalls wird ersichtlich, dass das Kinderbett von den Eltern getrennt sein sollte, damit die Keuschheit gewahrt wird. Genauso sollte im Umgang mit Menschen die Keuschheit gewahrt werden. Am 6.Mai 1994 sagte der Hadhrat Khalifatul Massih IV. (rh) beim Beantworten einer Frage in der Majlis-e-Irfan: „Das Hände schütteln wird aufgrund des Einflusses der westlichen Gesellschaft auch bei uns immer mehr zur Gewohnheit. Hierbei sollte man jedoch vorsichtig sein.

So gibt es in unserer (pakistanischen) Gesellschaft den Brauch, dass die Erwachsenen den Jüngeren mit der Hand über den Kopf streichen. Jedoch kann bei dieser Methode niemand auf den Gedanken kommen, dass dieser Kontakt schlechte Auswirkungen haben könnte. Des Öfteren wird gesehen dass in den (pakistanischen) Häusern oft die Jüngeren zu den Älteren hingehen und den Kopf

آپس میں میل جول کے طریقوں میں حیا!

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پیاری بیٹی، حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان فرمودہ واقعہ توجہ کے لائق ہے۔ وہ لکھتی ہیں کہ "میں بہت چھوٹی تھی تو رات کو اکثر ڈر کر آپؑ یعنی حضرت مسیح موعودؑ کے بستر میں جا گھستی۔ جب ذرا بڑی ہوئی تو آپ نے فرمایا کی جب بچے بڑے ہونے لگتے ہیں (اس وقت میری عمر پانچ سال تھی) تو بستر میں اس طرح نہیں آ گھسا کرتے۔ میں تو اکثر جاگتا رہتا ہوں تم چاہے مجھے سو دفعہ آواز دو میں جواب دوں گا اور تم نہیں ڈرو گی۔ اپنے بستر ہی سے مجھے پکار لیا کرو۔ پھر میں نے بستر میں کود کر آنا چھوڑ دیا جب ڈر لگتا آپ کو پکار لیتی آپ فوراً جواب دیتے پھر خوف و ڈر لگنا ہی ہٹ گیا۔" (از قراۃ العین مصنفہ سیدہ حفیظۃ الرحمٰن صفحہ نمبر 91)

پیاری ناصرات! اس تحریر میں جہاں باپ کی بے انتہا شفقت اور پیار کی جھلک ہے وہاں تربیت کا بھی کتنا شاندار نمونہ ہے کہ بچپن سے ہی بچے میں حیا پیدا کرنے کی توجہ دینی چاہیے اور یہ بات بھی کھل کر سامنے آ گئی کہ جب بچہ بڑا ہونے لگے تو اسے الگ سونا چاہیے تا کہ اس میں حیا پیدا ہو۔

پھر لوگوں سے ملنے کے طریقے میں بھی حیا ہونی چاہیے۔ 6 مئی 1994 کی مجلسِ عرفان میں کسی کے سوال کے جواب میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے فرمایا کہ: ہاتھ ملانا ایک ایسی عادت ہے جو مغربی معاشرے کی وجہ سے ہم میں رواج پا گئی ہے۔ اس میں بھی احتیاط برتنے کی ضرورت ہے۔ جیسے کہ وہم و گمان بھی نہیں گزر سکتا کہ اس تعلق میں کوئی قباحت ہے یہ ہمارے ملکوں میں خصوصاً گھر کے بزرگوں کے پاس جا کر سر کو آگے کرنا یہ رواج پایا جاتا ہے۔ اس کہ کیا سند ہے یہ میں نہیں جانتا مگر جس رنگ میں یہ رائج ہے کبھی اس سے کوئی بدی پھوٹتی ہوئی ہمیں نظر نہیں آئی۔ مگر جس ماحول کا آپ ذکر کر رہے ہیں

geneigt vor sie halten. Ich weiß zwar nicht, welche genauen Hintergründe dieser Brauch hat, jedoch haben wir daraus nichts Negatives resultieren sehen. Aber die Atmosphäre, von der sie mir berichten, dass Cousins und Cousinen sich daheim untereinander die Hand geben, damit können sich nur Schlechtigkeiten verbreiten. Meines Erachtens sollte dies unterbunden werden. Es genügt sich mit einer Kopf- oder Handgeste von Weiten respektvoll zu begrüßen.“ (Tageszeitung Al-Fazl 13. Oktober 2002)

Pardah unter Frauen:

In der hiesigen Gesellschaft wird es nicht als negativ empfunden, dass sich Frauen im Alltag wie z.B. im Fitness Studio, im Schulsport usw. in einem Raum voreinander umziehen, und es wird gesagt, wieso man denn unter Frauen Pardah machen solle?

Liebe Nasirat! Wisst ihr denn, dass es im Islam das Gebot gibt, dass auch Frauen vor Frauen gewisses Pardah machen sollten. Durch die Segnungen Allahs gibt es auch Mütter, die ihre Töchter für den Sportunterricht von zu Hause aus so kleiden, dass diese sich vor Ort nicht mehr viel umziehen müssen. Liebe Nasirat! Wir hoffen, dass auch ihr in solchen Situationen eure Keuschheit wahrt. Jedoch ist mit diesem Gebot keineswegs gemeint, dass Frauen vor Frauen ihr Gesicht verhüllen sollten. Hierbei geht es nur darum, dass man gewisse Grenzen überschreitet und dabei Keuschheit und Schamgefühl vergisst und absurde, unsittliche Gespräche führt und unangemessene Späße macht und sich nicht bedeckend verhält.

Hadhrat Syyedna Nawwaab Mubarka Begum Sahiba (ra) schreibt: „Hadhrat Amma Jaan (ra), Ehefrau des Verheißenen Messias (as), sagte oft, dass die Ehre und Würde einer Frau sehr empfindlich ist. (Ihr) missfiel, wenn Frauen sich zu freizügig miteinander unterhielten und unangebrachte Späße machten.

کہ گھر میں کزنز وغیرہ سے ہاتھ ملاتے پھریں اس سے بہت سی بدیاں پھیل سکتی ہیں۔اس لئے میرے نزدیک تو اس کو سختی سے منع کرنا چاہیے۔سر کے اشارے سے ہاتھ کے اشارے سے آپس میں احترام ظاہر کر سکتے ہیں اتنا ہی کافی ہے۔

(روزنامہ الفضل 3 اکتوبر 2002)

عورت کا عورت سے پردہ!

مغربی معاشرہ میں روزمرہ زندگی کے دوران فٹنس سٹوڈیو،سکول میں کھیلتے وقت ایک کمرے میں دوسری لڑکیوں کی موجودگی میں کپڑے بدلنے کو برا نہیں سمجھا جاتا بلکہ یہ کہہ دیا جاتا ہے کہ لڑکیوں کا آپس میں کیا پردہ ہے۔

پیاری ناصرات ! کیا آپکو پتہ ہے اسلام میں عورت کو عورت سے پردہ کا حکم ہے۔خدا کے فضل سے ہماری بعض ایسی مائیں ہیں جو سپورٹس کے پیریڈ کیلئے بچیوں اس طرح تیار کر کے بھیجتیں ہیں کہ وہاں پر انہیں پورے کپڑے تبدیل نہ کرنے پڑیں۔ پیاری بچیو! امید ہے آپ بھی ایسے مواقع پر اپنی حیا کی پوری حفاظت کرتی ہوں گی۔لیکن یہاں اس حکم سے یہ مراد ہرگز نہیں کہ عورتیں دوسری عورتوں سے چہرے کا پردہ کریں بلکہ عورتوں کا آپس میں حد سے زیادہ بے تکلف ہونا،شرم وحیا کا عنصر نہ ہونا،راز داری نہ رکھنا اور فضول مذاق وغیرہ مراد ہے۔

حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ ؓ تحریر کرتی ہیں!(حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پیاری بیگم) حضرت اماں جان رضی اللہ تعالیٰ عنہا عورت کی عزت نازک ہونے کے متعلق اکثر نصیحت فرماتی تھیں۔آپؓ کو عورتوں کا آپس میں زیادہ بے تکلف ہونا یا فضول مذاق وغیرہ بہت گراں گزرتا اور ناپسند تھا۔

(سیرت حضرت اماں جانؓ مصنفہ مکرمہ پروفیسر سیدہ نسیم سعید صاحبہ صفحہ 346)

عام طور پر عورتوں میں آپس میں بے تکلف ہونا اور کھلی باتیں کرنا بے ضرر سمجھا جاتا ہے۔ذرا آپ خود سوچیں جب آپ اپنی کسی سہیلی کو اپنی بہت ذاتی باتیں بتا دیں اور کچھ دنوں بعد جب وہ آپ کی سہیلی نہ رہے اور آپ کی وہ ذاتی بات دوسروں کو بتا دے تو!!!اس لیے حیا کا تقاضا یہی ہے کہ اس طرح کی باتوں سے احتیاط کی جائے۔

(Biografie Hadhrat Amma Jaan, Autorin: Frau Professor Syyada Naseem Saeed Sahiba, S. 346). Normalerweise werden freizügige Gespräche zwischen Frauen als harmlos betrachtet. Denkt aber einmal darüber nach, dass wenn ihr eurer Freundin ganz private Sachen erzählt und später, falls sie dann nicht mehr eure Freundin ist und sie genau diese Sachen anderen erzählt.... Daher ist es wichtig, um die Keuschheit zu wahren, dass man bei solchen Gesprächen vorsichtig sein sollte.

Kleidung gemäß dem Pardah ist der Schutz unserer Keuschheit:

In euch sollte nicht der Wunsch aufkommen, gemäß der hiesigen Gesellschaft, enge und kurze Kleidung zu tragen. Eure Kleidung beschützt und behütet eure Keuschheit. Bezüglich Kleidung ist hier eine Begebenheit unseres geliebten Heiligen Propheten (saw) anzumerken.

Dies ist eine Begebenheit aus der Kindheit des Heiligen Propheten (saw) als die Kaaba wieder neu aufegbaut wurde. Der Heilige Prophet (saw) und sein Onkel Abbas (ra) sammelten Steine auf. Da sagte der Onkel des Heiligen Propheten (saw) zu ihm: „ Neffe, lege doch dein *Tehband* (loser Stoff, der zur Hose gebunden getragen wird) über deine Schulter, damit die Steine nicht reiben.“ und Hadhrat Abbas (ra) tat dies dann wohl auch selbst. Dadurch wurde ein kleiner Teil der zu bedeckenden Körperteile des Heiligen Propheten (saw) sichtbar. Aus Schamgefühl fiel der Heilige Prophet (saw) zu Boden, seine Blick erstarrte und er rief voller Unbehaglichkeit aus: „ Mein *Tehband*!!“ Daraufhin wurde sein *Tehband* gerichtet und erst dann fühlte er sich wieder wohl. (Magazin Husn-e-Ikhlaq, Autorin: Amtul Rasheed, S. 68)

Pardah

Zu einem anderen Zeitpunkt sagte Hadhrat Khalifatul-Massih IV. (rh) bezüglich Pardah: „Hier aufwachsende Mädchen sind bezüglich der Bedeckung der Haare in Unsicherheit. Sie denken, dass das

باپردہ لباس ہماری حیا کا محافظ!

یورپ کے رواج کے مطابق تنگ اور چھوٹے کپڑے پہننے کی خواہش آپ میں نہ جاگے۔ آپ کا لباس بھی آپ کی حیا کا محافظ ہے۔

لباس کے بارے میں ہمارے پیارے نبی ﷺ کا ایک واقعہ قابلِ تقلید ہے۔

ہمارے پیارے نبی ﷺ کے بچپن کا ایک واقعہ ہے کہ اس وقت کعبہ کی تعمیر ہو رہی تھی۔ آنحضرت ﷺ اور آپ کے چچا عباسؓ پتھر اکھٹے کر رہے تھے۔ تو آپ کے چچا نے آپ سے کہا کی بھتیجے اپنی تہہ بند اپنے کندھوں پر رکھ لو تا کہ پتھروں وغیرہ کی رگڑ نہ لگے۔ اور غالباً حضرت عباسؓ نے خود ہی ایسا کر دیا۔ لیکن چونکہ ایسا کرنے سے آپکی ستر کا کچھ حصہ ننگا ہو گیا۔ جس کی وجہ سے آپ ﷺ شرم کے مارے زمیں پر گر گئے۔ اور آپ کی آنکھیں پتھرا گئیں اور آپ بے تاب ہو کر پکارنے لگے کی میرا تہہ بند اور پھر آپکا تہہ بند درست کر دیا گیا تو آپ کو سکون ملا۔

(ماخوذ از حسنِ اخلاق۔ مصنفہ امتہ الرشید ارسلہ صفحہ نمبر 68)

پردہ!

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک دوسرے موقع پر پردہ سے متعلق فرمایا کہ:۔

’’یہاں نشو ونما پانے والی بچیاں اپنے سر کے بالوں کے بارے میں ایک ذہنی اُلجھن میں مبتلا ہیں۔ وہ سمجھتی ہیں کہ بالوں کو ڈھانپ کر رکھنا ایک دقیانوسی بات ہے۔ اس لیے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف نیم دلی سے قدم اٹھاتی ہیں نہ کہ بشاشت قلبی سے۔ وہ دراصل یہ کہہ رہی ہوتی ہیں کہ اے خدا تو ہمیں اسی طور سے قبول فرما لے کہ ہم دوپٹہ اوڑھے ہوئے ہیں مگر اس طور سے جس طور سے یہودی اپنے سر کی پشت پر ایک چھوٹی سی ’’چینی‘‘ نما ٹوپی پہنے ہوئے ہوتا ہے۔ پس تو اپنی طرف اُٹھا ہوا یہ ادھورا قدم بھی قبول فرما لے۔ لیکن اگر آپ سب کچھ خدا کی خاطر کرتی ہیں تو پھر یہ بالکل نامناسب ہے۔ یاد رکھیں کہ عورتوں کے خدوخال کا سب سے دلکش حصہ ان کے بال ہوتے ہیں بالخصوص جبکہ وہ سامنے کی طرف لٹکے ہوئے ہوں۔ بعض لڑکیوں کو میں نے دیکھا کہ جب وہ دوپٹہ اپنے سر پر کھینچتی ہیں تو ایسے طریق سے کہ جس سے ان کے بال سامنے کی طرف جھک آئیں (اور ایسا کر کے وہ یہ خیال کر لیتی ہیں کہ) ’’اب میں دونوں معاشروں کی لڑکی نظر آؤں گی۔ اسلامی معاشرہ کی بھی اور غیر مسلم معاشرہ کی بھی‘‘ مگر یہ نامناسب ہے۔ آپ لوگوں کو استقامت کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ جس بات پر میں زور دینا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ دوپٹہ اوڑھنے یا پردہ کرنے سے قبل آپ لوگوں کو

Bedecken ihrer Haare ein veralteter Brauch sei. Deshalb gehen sie auf dem Weg zu Allah schweren Herzens statt mit Freude aus tiefsten Herzen. Durch diese Tat sagen sie eigentlich: O Allah nimm uns so an, wie wir sind. Wir tragen zwar das Dupatta (Tuch) aber so, wie die Juden die Kippa (also auf einer kleinen Stelle des Kopfes). Also nimm den unvollkommenen Schritt, der zu Dir führt, an.“

Aber wenn sie alles andere für Allah tun, dann ist diese Tat nicht angemessen. Bedenken Sie, dass das Attraktivste an einer Frau ihre Haare sind, insbesondere wenn sie nach vorne herunterhängen. Ich habe einige Mädchen gesehen, dass wenn sie ihr Dupatta (Tuch) auf den Kopf ziehen, dann tun sie es auf solch eine Weise, dass man vorne noch das Haar sieht. (Und mit dieser Tat denken sie) „Nun gehöre ich zu beiden Gesellschaften. Sowohl zur islamischen als auch nicht-islamischen Gesellschaft“, doch dies ist unangemessen. Ihr solltet Standhaftigkeit zeigen. Ich möchte auf folgenden Aspekt mit Nachdruck hinweisen und zwar: bevor sie Dupatta tragen oder Pardah machen, sollten sie sich selbst fragen: „Um wen kümmere ich mich mehr? Allah oder die Menschen?“ Und wenn die Antwort ist, dass mich im Gegensatz zu den Menschen Allah mehr kümmert, dann wird für sie das Lob der Menschen bedeutungslos sein. Gleichgültig, was sie sagen, es wird Ihnen nichts mehr ausmachen. Allein Allah wird wichtig sein. Dies ist die wichtigste Frage, die Sie sich beim Kopftuch tragen oder auch sonst immer stellen sollten. Wenn Ihre Kopfhaare sich entschließen, dass sie nur das kümmert, was Allah von ihnen hält. Dann erst wird Ihnen alles gleichgültig sein, was die Menschen sagen.“ (Übersetzung aus MTA Sitzung mit Kindern 6.6.1998)

<u>Unangemessene TV-Programme:</u>

Liebe Nasirat, auch die aktuellen Fernsehserien spielen eine wesentliche Rolle bei der Verminderung des Schamgefühls. Sogar in den

اپنے آپ سے یہ سوال کرنا چاہیے کہ ’’کیا میں خدا تعالیٰ کی زیادہ پرواہ کرتی ہوں یا انسانوں کی؟‘‘ اگر جواب یہ ہو کہ میں انسانوں کے مقابل پر خدا کی زیادہ پرواہ کرتی ہوں تو انسانوں کی واہ واہ سے آپ بے نیاز ہو جائیں گی۔ وہ جو چاہیں کہتے پھریں کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ صرف اللہ ہی اللہ باقی رہ جائے گا۔ یہ سب سے اہم ترین سوال ہے جو آپ لوگوں کو دوپٹہ اوڑھنے یا باقاعدہ طور پر اختیار کرنے سے پہلے ضرور اپنے آپ سے پوچھنا چاہئے۔ اگر آپ کے سر کے بال یہ فیصلہ کر لیں کہ ہمیں صرف اس بات کی پرواہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے متعلق کیا کہتا ہے تب آپ کو لوگوں کی باتوں کی ایک ذرّہ بھر بھی پرواہ نہ ہوگی۔ (اردو ترجمہ از ایم ٹی اے بچوں کی کلاس 6 جون 1998)

نامناسب ٹی وی پروگرام!

پیاری ناصرات آجکل کے اکثر ٹی وی پروگرام بھی حیا کو کم کرنے میں بہت کردار ادا کرتے ہیں۔ بچوں کے کارٹون تک میں لڑکے لڑکی کی دوستی کو خوبصورت کر کے دکھایا جاتا ہے۔ حضور ایدہ اللہ اپنے 30 جنوری 2004 کے خطبہ جمعہ میں فرماتے ہیں کہ آج کل گندی قسم کی فلموں نے بھی انسان کے اخلاق پر گہرا اثر ڈالا ہے دکانیں کھلی ہیں وہاں جا کر وڈیو کیسٹیں یا سی ڈی لے آتے ہیں اور پھر یہ انتہائی بیہودہ اور لچر قسم کی فلمیں اور ڈرامے ہوتے ہیں۔ ایسے پروگرام دیکھتے دیکھتے برائی بھی برائی لگنی بند ہو جاتی ہے۔

انٹرنیٹ کے رابطوں میں بے حیائی کا عنصر!

پھر انٹرنیٹ کے رابطے ہیں وہ بھی بے حیائی میں شامل ہوتے ہیں کیونکہ آپ جانتی ہیں کہ نامحرم سے رابطے رکھنا بھی جائز نہیں۔ آپ یہ سوچ رہی ہوتی ہیں کہ دوسری طرف والے کو کیا پتہ میں کون ہوں اور کیسی نظر آتی ہوں یہ سوچ بہت خطرناک ہے اکثر میڈیا میں خبریں آتی ہیں کی کس طرح انٹرنیٹ کے رابطے نے جان لے لی۔ اس کی تصویریں غلط Fake کر کے پھیلا دیں۔ Mobing عام ہے۔ پیاری ناصرات صرف تھوڑے سے مزے کی خاطر اپنی حیا اور ماں باپ کی عزت داؤ پر لگانا عقلمندی نہیں ہے۔

Kindersendungen und Cartoons wird die Freundschaft zwischen Jungs und Mädchen blenderisch auf eine schöne Art und Weise dargestellt. Hudhur (atba) sagte in seiner Freitagsansprache vom 30. Januar 2004: „ Auch die schmutzigen Filme heutzutage haben einen negativen Einfluss auf den Charakter des Menschen. Die Geschäfte sind offen und man holt sich DVDs oder CDs, die unangemessene Serien oder Filme enthalten. Wenn man solche Programme dann oft genug schaut, wirkt dann auch das Schlechte nicht mehr als falsch.“

Das Fehlen von Keuschheit bei Online-Kontakten:

Dann gibt es noch den Kontakt über das Internet, dies führt ebenfalls zu Schamlosigkeit, da ihr ja wisst, dass es nicht angebracht ist, mit einem nicht-Mehram intensiven Kontakt zu haben. Denn dabei denkt man sich, dass die andere Person ja sowieso nicht weiß, wer ich bin und wie ich aussehe. Dieser Gedanke ist sehr gefährlich. Oft wird in den Nachrichten berichtet, wie durch den Internetkontakt Personen sogar getötet wurden. Mobbing und Fake-Fotos anzeigen ist üblich geworden. Liebe Nasirat, für nur ein bisschen Spaß, sollte man nicht die eigene Keuschheit und die Ehre der Eltern aufs Spiel setzen. Dies ist nicht vernünftig.

Das Fotografieren an Hochzeiten:

Diesbezüglich sagt Hadhrat Khalifatul Massih IV. (rh): „Die Keuschheit einer Frau ist ihr größte Waffe. Eure Feierlichkeiten werden zum Gradanzeiger eurer Keuschheit.“

(Ansprache von Hadhrat Mirza Tahir Ahmad (ra) vom jährlichen Ijtma Lajna Imaillah Deutchland 08. September 1990)

Und dann ist da das Fotografieren mit Freundinnen - auch dies entspricht nicht den Lehren des Islams. Denn wenn sie sich mit Freundinnen fotografieren lassen und sich mit ihnen filmen lassen, dann ist es doch selbstverständlich, dass sich die Männer der Familie diese Bilder und den Film ansehen werden. Durch die Segnungen

شادی بیاہ کے مواقع پر تصاویر بنوانا!

اس ضمن میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ: حیا ایک احمدی خاتون کا سب سے بڑا ہتھیار ہے۔ آپ کی جو تقریبات ہیں وہ حیا ماپنے کا پیمانہ بن جاتی ہیں۔ (از خطاب حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع برموقع سالانہ اجتماع لجنہ اماء اللہ جرمنی 8 ستمبر 1990)

پھر شادی بیاہ کے موقع پر سہیلیوں کے ساتھ تصویریں بنوانا یہ بھی اسلامی تعلیم کے خلاف ہے۔ اگر ہم اپنی سہیلیوں کے ساتھ تصویریں اور مووی وغیرہ بنوائیں گے تو لازمی ہے کہ وہ تصویریں اور مووی ان کے گھر کے مرد بھی دیکھیں گے خدا کے فضل سے جماعت دنیا بھر میں پھیلی ہوئی ہے وہ مووی ان کے مختلف رشتہ دار بھی دیکھیں گے تو سوچیں آپ کی بے پردگی کہاں کہاں ہو رہی ہے۔ پھر ایسے فنکشن میں دلہن سب کی توجہ کا مرکز ہوتی ہے اس لئے اُسے دوپٹے کو کمر پر ڈالنے کی بجائے پوری احتیاط سے ایسے سیٹ کرنا چاہئیے کہ وہ حیا کے تقاضوں کو پورا کرتا ہو۔

بے جا آزادی کے بد اثرات!

پیاری ناصرات! آپ کے ساتھ کتنی بار ایسا ہوا ہو کہ آپ کے کلاس فیلوز نے آپ سے کہا ہو گا کی تم پر کتنی پابندیاں ہیں، تمہیں شام کو کہیں جانے کی اجازت نہیں، کوئی آزادی نہیں۔ آپ ذرا اِن لوگوں کو ملنے والی آزادی اور اس کے نتیجہ میں پھیلنے والی بے حیائی دیکھیں۔ کتنے بچے ہیں جن کے ماں باپ اکٹھے نہیں رہتے گھر ٹوٹ رہے ہیں بغیر شادی کے جسمانی تعلقات قائم کئے جا رہے ہیں اور کتنی جلدی دوست بدلے جاتے ہیں۔ ہر کوئی سکون کی تلاش میں ہے۔

Allahs ist unsere Gemeinde auf der ganzen Welt verbreitet und alle Verwandten werden dann die Aufnahmen sehen. Nun überlegt euch mal wie weit das dann geht. Ebenso steht in solchen Feierlichkeiten die Braut im Mittelpunkt, daher sollte auch ihr Tuch statt nur an der Taille so festgemacht werden, dass ihre Keuschheit gewahrt bleibt.

Negative Auswirkungen durch zu viel Freiheit:

Liebe Nasirat! Wie oft wurdet ihr schon von euren Mitschülern gefragt, dass ihr angeblich zu sehr eingegrenzt seid. Ihr dürftet abends nicht weggehen und hättet keine Freiheit. Aber schaut euch doch diese Art von „Freiheit“ an und die dadurch ausbreitende Schamlosigkeit in der Gesellschaft. Es gibt so viele Kinder, deren Eltern getrennt leben und das Familienleben geht zugrunde. Genauso werden körperliche Beziehungen ohne Hochzeit eingegangen und es wird auch des Öfteren der Freund gewechselt. Jeder ist auf der Suche nach Zufriedenheit.

Der Schutz der Keuschheit ist einer der wichtigsten Aufgaben eines Ahmadi Mädchens:

Deswegen sollte jedes Ahmadi Mädchen seine Keuschheit wahren, damit durch vorbildliche Taten und Charakter diese Völker rechtgeleitet werden. Denn in der heutigen Zeit sind es nur die Ahmadis, die den Weg des Friedens und der Zufriedenheit zeigen können. Auf unseren schwachen Schultern lastet eine große Verantwortung. Deshalb müssen wir unser bestes versuchen, dass in unseren Herzen nicht einmal der Gedanke kommen mag, gegen die Gebote Allahs und des Heiligen Propheten (saw) handeln zu wollen.

Auf dem Nationalen Ijtema 2011 sagte Hudhur (atba), dass wir unsere Pflichten verstehen müssen, sogar zehn- und elfjährige Mädchen besitzen schon genug Verständnis davon. Auch die älteren Mädchen sollten ihre Pflicht verstehen und sich nicht nur von Mode und Materiellem

’’حیا کی حفاظت‘‘ ایک احمدی بچی کی اہم ذمہ داری!

اس لئے ہر احمدی بچی کو اپنی حیا کی حفاظت کرنی چاہیے کیونکہ عمل اور کردار سے ان قوموں کی اصلاح مقدر ہے۔آج ہم احمدی ہی ہیں جو دنیا کو امن اور سلامتی کا راستہ دکھا سکتے ہیں۔ ہمارے کمزور کاندھوں پر بڑی ذمہ داری آپڑی ہے۔اس لئے ہم نے ہر ممکن کوشش کرنی ہے کہ خدا اور اس کے رسول کے حکم سے ذرہ بھر بھی نافرمانی کا خیال دل میں نہ لائیں۔اپنی حیا کو مرنے نہ دیں۔

سالانہ اجتماع 2011 کے موقع پر حضور ایدہ اللہ نے فرمایا کی پس آپ لوگ اپنے فرائض کو سمجھیں۔دس گیارہ سال کی بچیاں بھی عقل والی بچیاں ہوتی ہیں نوجوان بچیاں بھی اپنے فرائض کو پہچانیں صرف فیشن یا دنیا کی چکاچوند آپ کو متاثر نہ کرے اس ذمہ داری کی طرف توجہ دیں جو اللہ نے آپ پر ڈالی ہے۔کہ آپ کو دنیا کی اصلاح کرنی ہے۔اور دنیا کو نیکیوں کی تبلیغ کرنی ہے۔

(خطاب حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بر موقع سالانہ اجتماع لجنہ اماء اللہ جرمنی 2011)

خدا تعالیٰ ہم سب کو حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اس نصیحت پر عمل کرنے کی توفیق دے آمین۔

beeinflussen lassen. Sie sollen die Verantwortung verstehen, die Allah ihnen übertragen hat. Sie müssen die Welt rechtleiten und Tugenden verbreiten. (Ansprache von Hudhur-e-Aqdas (atba) Nationales Ijtema der Lajna Imaillah Deutschland 2011). Möge Allah uns allen die Kraft geben, die Anweisungen unseres Khalifen (atba) zu befolgen Amin.	

Notizen:

Tabligh

Die Wohltaten des Heiligen Propheten Muhammad (saw) für Mädchen

Liebe Nasirat! Wie ihr alle wisst, hat unser geliebter Heilige Prophet (saw) Kinder sehr geliebt und die Kinder haben ihn (saw) auch sehr geliebt. Er (saw) nahm die Kinder in den Schoß, küsste ihre Wangen, umarmte sie, sprach Bittgebete für sie und brachten ihnen den Islam bei. Wenn die Kinder ihn (saw) in der Stadt oder in den Straßen sahen, sprangen sie vor Freude. Sie kamen angerannt zu ihm (saw) und er (saw) nahm ein Kind nach dem anderen auf den Schoß. Seine (saw) Gewohnheit war es, als erstes den Kindern Salam zu sagen, ihnen Witze zu erzählen und ihnen gute Geschichten zu erzählen. Wenn wir über den liebevollen Umgang des Heiligen Propheten (saw) mit den Kindern sprechen, meinen wir damit Jungs und Mädchen. Er (saw) hat die Mädchen nicht nur geliebt, sondern ihnen auch große Gunst erwiesen. Um zu erfahren und nachvollziehen zu können, was dies war, müssen wir in die Vergangenheit reisen.
Liebe Mädchen, wisst ihr, wie die Situation im damaligen Arabien war, zu der Zeit als Alla Ta'ala unsern geliebten Heiligen Propheten (saw) sandte? Es war damals ein Ritual, dass die Mädchen lebendig begraben wurden. Es ist erstaunlich, mit welcher Unbarmherzigkeit dies getan wurde. Es wurden verschiedene Methoden angewandt. Einige haben eine Grube im Wald gegraben und die Mädchen dort begraben. Einige haben sie von der Spitze eines Berges gestoßen. Andere wiederrum haben auf den Rücken ihrer Töchter Steine gebunden und sie in den Brunnen geworfen. Es galt als Unglück,

رسول پاک ﷺ کے بچیوں پر احسانات

پیاری ناصرات جیسا کہ آپ سب جانتی ہیں کہ ہمارے پیارے آقا ﷺ بچوں سے بہت زیادہ پیار کرتے تھے اور بچے بھی آپ ﷺ سے بہت پیار کرتے تھے۔ آپ ﷺ اُنکو گود میں اٹھاتے ان کا منہ چومتے سینے سے لگاتے اُن کے لیے دعائیں کرتے اُن کو دین کی باتیں سکھاتے۔ بچے جب آپ کو بازار یا گلی کوچوں میں دیکھتے تو خوشی سے اچھلتے کودتے شوق سے بھاگ کر آپؐ کے پاس آتے آپؐ اُنہیں باری باری گود میں اٹھا کر پیار کرتے۔ آپؐ کی یہ عادت تھی کہ بچوں کو ہمیشہ پہلے سلام کرتے، اُن سے پاکیزہ مزاح بھی کرتے اور ساتھ ساتھ اچھی باتیں بھی بتاتے۔ جب ہم اپنے پیارے نبیؐ کے بچوں سے پیار کی بات کرتے ہیں تو بچوں میں لڑکے لڑکیاں دونوں شامل ہیں بلکہ بچیوں کے لیے تو نہ صرف پیار ہے بلکہ بہت سے احسانات بھی ہیں۔ اِن احسانات کا اندازہ کرنے کے لیے ہمیں اُس دور میں جانا ہوگا۔

پیاری بچیو! آپکو پتہ ہے کہ جب اللہ تعالی نے رسول پاک ﷺ کو بھیجا اسوقت عرب کے بعض قبیلوں میں بچیوں کو زندہ درگور کرنے کا رواج تھا، انکی بے رحمی پر حیرت ہوتی ہے۔ لڑکیوں کو مارنے کے مختلف طریقے اپنا رکھے تھے بعض جنگل میں گڑھا کھود کر دبا دیتے، بعض پہاڑ کی چوٹی سے نیچے دھکا دیتے بعض لڑکیوں کی کمر پر پتھر باندھ کر چشمے میں ڈبو دیتے۔ کسی کے گھر لڑکی پیدا ہونا بے عزتی خیال کیا جاتا بچی کی پیدائش باپ کی عزت پر دھبہ خیال کی جاتی زندہ درگور کرنے پر بچی ابا ابا پکارتی رہ جاتی مگر ظالم باپ پر کوئی اثر نہ ہوتا اور بچی کو ماں باپ کی شفقت کا کوئی لمحہ نصیب نہ ہوتا۔

wenn ein Mädchen geboren wurde. Als man die Töchter vergraben wollte, schrien sie nach ihren Vätern, aber diese taten so, als hätten sie nichts gehört. Das Mädchen konnte in diesem Moment keine Liebe von ihrer Mutter und ihrem Vater erwarten. Einmal berichtete ein Mann, der später Muslim wurde, über seine Tochter, die er lebendig begraben hatte. Er sagte zum Heiligen Propheten (saw) : „Hudhur, kann ich Erlösung finden? Bevor ich Muslim wurde, habe ich große Sünden begangen.“ Der Mann erzählte:

„Ich hatte eine Tochter, sehr süß, unschuldig, wenn ich nach Hause kam, kam sie angerannt und umarmte mich. Sie setzte sich auf meinen Schoß. Sie stieg auf meine Schultern und sie sprach so süß, dass auch andere sie liebevoll ansahen. Als sie sechs Jahre alt wurde, kaufte ich ihr einmal neue Kleider. Sie sah in ihnen aus wie eine Puppe. Ich nahm sie mit zu einem Brunnen und warf sie hinein. Sie schrie nach mir „ O mein Vater!“ Als der Heilige Prophet (saw) dies hörte, weinte er (saw) sehr und sein Bart wurde nass durch seine Tränen. Wie konnte er – der Barmherzigkeit für alle Welten ist - auch diese Grausamkeit ertragen...Er (saw) verbot diesen grausamen Akt des lebendigen Begrabens von Mädchen und sagte: „ Wenn es erlaubt wäre für eine Tat aus der Zeit der Unwissenheit eine Strafe zu geben, dann würde ich denjenigen bestrafen, der lebendig begrub.“

Liebe Nasirat! Ihr seht was für eine große Gunst der Heilige Prophet (saw) den Mädchen erwiesen hat. Denn in jener Gesellschaft, in der man sich für Töchter geschämt hat, hat Hudhur (saw) sie nicht nur vor dem lebendig begraben werden geschützt, sondern Töchter als Barmherzigkeit Allahs bezeichnet und angewiesen, sie nicht nur gleich gut sondern sogar etwas besser und

ایک مرتبہ ایک شخص نے جو بعد میں مسلمان ہو گیا تھا اپنی پیاری بچی کو زندہ دفن کرنے کا واقعہ سُنایا اور کہنے لگا حضور ﷺ ہماری نجات اور بخشش کیسے ہوگی ہم نے تو مسلمان ہونے سے پہلے بڑے بڑے گناہ کیے ہیں۔ وہ شخص کہنے لگا میری ایک بچی تھی نہایت پیاری بھولی بھالی میں گھر آتا دوڑ کر مجھ سے لپٹ جاتی، میری گود میں لیٹ جاتی میرے کندھوں پر چڑھ جاتی ایسی میٹھی میٹھی باتیں کرتی کہ غیروں کو بھی اُس پر پیار آتا۔ جب وہ چھ برس کی ہوئی میں نے اسے نئے کپڑے پہنائے وہ بہت پیاری گڑیا لگنے لگی میں اسے ساتھ لے کر کنوئیں کے پاس پہنچا اور بچی کو پکڑ کر اس میں پھینک دیا۔ وہ مجھے پکارتی رہی ہائے میرے ابّا۔ رسول کریمؐ نے جب یہ سُنا تو اتنا روئے کہ آپؐ کی داڑھی مبارک آنسوں سے تر ہو گئی۔ آپ رحمت العالمینؐ اس ظلم کو کیسے برداشت کر سکتے تھے۔ آپؐ نے اس ظلم کو ہمیشہ کے لیے بند کرا دیا اور بچیوں کو زندہ دفن کرنے کو شرعی جرم قرار دے دیا اور یہ بھی فرمایا کہ اگر زمانہ جاہلیت کے کسی فعل پر سزا دینا جائز ہوتا تو میں زندہ درگور کرنے والے کو سزا دیتا۔

پیاری ناصرات آپ دیکھیں کہ رسول پاک ﷺ کا بچیوں پر یہ کتنا بڑا احسان ہے کہ جس معاشرہ میں بچی وجود انتہائی شرم کا باعث سمجھا جاتا تھا وہاں ہمارے پیارے آقا نہ صرف انکو زندہ گاڑنے سے منع فرماتے ہیں بلکہ بچی کو اللہ کی رحمت قرار دیتے ہیں اور لڑکوں کے برابر ہی نہیں بلکہ کچھ بڑھ کر حُسن سلوک فرماتے ہیں۔ اسی لیے تو بچیاں بھی اپنے اس محسن سے بے حد پیار کرتی ہیں آپ ﷺ فرماتے ہیں جس شخص کے ہاں لڑکی ہو اور وہ اسکو زندہ درگور نہ کرے اور نہ ہی اپنے لڑکوں کو اُس پر ترجیح دے تو اللہ اس کو جنّت میں داخل کرے گا۔

liebevoller als Jungs zu behandeln. Deswegen liebten die Mädchen ihn (saw) so sehr, weil sie ihm (saw) dies alles zu verdanken hatten. Er(saw) sagte: „ Derjenige, der eine Tochter bekommt und diese dann nicht lebendig begräbt und ihr auch nicht die Söhne vorzieht, dem gewährt Allah das Paradies.“
Im Hadith ist erwähnt, dass wenn in einem Haus eine Tochter geboren wird, Allah Seine Engel dorthin schickt, die sagen: „O Bewohner des Hauses, Frieden sei auf euch!“ und sie bedecken das Mädchen mit ihren Flügeln und streichen ihre Hände über ihren Kopf und sagen: „Dies ist ein zartes Geschöpf, das von einem zartes Geschöpf geboren wurde. Die jenigen, die es beschützen und erziehen werden, werden bis zum Jüngsten Tag Allahs Hilfe erhalten.“
Ein Sahabi namens Owais (ra) kam einmal zum Heiligen Propheten (saw). Er (saw) sahen Kummer in seinem Gesicht und fragte nach dem Grund. Der Sahabi antwortete: „ O Prophet Allahs, ich habe mehrere Töchter. Wegen ihnen ist mein Herz in Trauer und ich bete für ihren Tod.“ Der Heilige Prophet (saw) sagte: „ Bete nicht dafür. Sieh, es sind die Töchter, die bei Glück mit dir glücklich sind, die bei Trauer mit dir trauern und voller Mitgefühl Tränen für dich vergießen, die bei Krankheit dir helfen und dich pflegen. Ihre Versorgung ist bei Allah, wieso bist du dann traurig?!“
Liebe Nasirat! Früher wurden Mädchen als minderwertiger als Jungs erachtet. Damals hat der Heilige Prophet (saw) den gleichgestellten liebevollen Umgang gelehrt. Er (saw) sagte, wenn man irgendetwas mitbringt, dann soll man, wenn man es unter den Kindern verteilt, erst bei den Töchtern anfangen. Einmal kam eine Frau mit ihren zwei Töchtern zu Hadhrat Ayesha (ra). Hadhrat Ayesha (ra) hatte zur diesem Zeitpunkt nur eine Dattel. Die Frau teilte die Dattel in zwei Hälften und gab sie ihren Töchtern. Als

حدیث شریف میں ہے کہ جب کسی کے گھر بیٹی پیدا ہوتی ہے تو خدا اس کے ہاں فرشتے بھیجتا ہے جو آ کر کہتے ہیں کے اے گھر والو تم پر سلامتی ہو وہ لڑکی کو اپنے پروں کے سائے میں لے لیتے ہیں اور اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوے کہتے ہیں کہ یہ کمزور جان ہے جو ایک کمزور جان سے پیدا ہوئی ہے جو اس لڑکی کی نگرانی اور پرورش کرے گا قیامت تک خدا کی مدد اس کے شاملِ حال رہے گی۔

اوسؓ نام کے ایک صحابی آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے ان کے چہرے پر پریشانی کے آثار دیکھ کر وجہ پوچھی تو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ میری کئی بیٹیاں ہیں ان کی وجہ سے میرا دل غمگین رہتا ہے اور میں ان کی موت کی دعا مانگتا رہتا ہوں۔ ہمارے پیارے محسن آقا ﷺ نے فرمایا کی اے اوس تم یہ دعا نہ کیا کرو دیکھو لڑکیوں میں بھی برکت ہوتی ہے۔ یہ لڑکیاں نعمت کے وقت شکر کرنے والی، مصیبت کے وقت تمہاری ہمدردی میں رونے والی اور تمہاری بیماری کے وقت میں تمہاری تیمارداری اور خدمت کرنے والی ہوتی ہیں۔ ان کی روزی اللہ کے ذمے ہے پھر تم کیوں ناحق رنج کرتے ہو۔

پیاری ناصرات پہلے بیٹیاں جنہیں بیٹوں سے کمتر سمجھا جاتا تھا ہمارے پیارے نبیؐ نے ایک جیسے سلوک کی تعلیم دی۔ فرمایا جب تم اپنے بچوں میں تقسیم کرنے کے لیے کوئی چیز لاؤ تو بیٹیوں سے شروع کرو۔ ایک بار حضرت عائشہؓ کے پاس ایک عورت کچھ طلب کرنے کے لیے آئی اس کے ساتھ دو بچیاں بھی تھیں حضرت عائشہؓ کے پاس اسوقت صرف ایک کھجور ہی تھی وہی انہوں نے اُس عورت کو دے دی اس عورت نے کھجور کے ٹکڑے کیے اور دونوں بچیوں کو آدھی آدھی دے دی خود نہ کھائی۔ جب رسول کریمؐ گھر تشریف لائے تو حضرت عائشہؓ نے ماں کی بچیوں سے محبت اور ایثار کا واقعہ سنایا تو آپؐ نے فرمایا جو بھی لڑکیوں کی پیدائش کے ذریعہ آزمایا جائے اور اُنکے ساتھ اچھا سُلوک کرے آزمائش میں کامیاب ہو تو یہ لڑکیاں قیامت کے دن اسکے لیے جہنم کی آگ سے ڈھال بن جائیں گی۔

der Heilige Prophet (saw) nach Hause kam, erzählte Hadhrat Ayesha (ra) über die Liebe der Mutter zu ihren Töchtern. Er (saw) sagte: „ Jeder, der bei der Geburt seiner Tochter geprüft wird und sie gut behandelt und somit die Prüfung besteht, dessen Tochter wird ihn am Jüngsten Tag vor dem Höllenfeuer bewahren.“

Liebe Mädchen! Der Heilige Prophet (saw) hat nicht nur den guten Umgang mit den Töchtern gelehrt, sondern ist als Vater was sein Verhalten und seine gute Erziehung betrifft ein großes Vorbild. Seine (saw) Liebe und Zuneigung war nicht nur für seine (saw) Töchter, sondern er (saw) liebte auch die Kinder seiner Töchter sehr. Hadhrat Usama (ra) berichtet, dass er einmal für eine wichtige Sache zum Heiligen Propheten (saw) kam. Er (saw) hatte bei sich etwas unter einem Tuch versteckt. Als ich danach fragte, hob er (saw) das Tuch und sagte: „Dies sind meine Söhne und die Söhne meiner Tochter. Oh Allah, ich liebe die beiden sehr und jeden, der liebevoll mit ihnen umgeht.“ Wisst ihr Mädchen, wer die beiden waren? Es waren die Söhne Hadhrat Hassan (ra) und Hadhrat Hussain (ra) von der Tochter des Heiligen Propheten (saw), Hadhrat Fatima (ra) .

Hudhurs (saw) großartiger und liebevoller Charakter hatte einen großen Einfluss auf Hadhrat Fatima (ra). Hadhrat Ayesha (ra) berichtet, dass sie in der Art und Weise des Verhaltens und Sprechens niemanden gesehen hatte, der dem Heiligen Propheten (saw) so ähnlich war. Wenn Hadhrat Fatima (ra) Hudhur (saw) besuchte, stand er (saw) auf und nahm ihre Hand in seine(saw),küsste ihre Stirn und setzte sie zu sich (saw). Wenn er (saw) Hadhrat Fatima (ra) besuchte, stand sie ebenfalls auf, nahm seine Hand in ihre und küsste sie. Sie setzte Hudhur (saw)zu sich. Immer wenn er (saw) auf Reisen ging,

پیاری بچیو! رسول پاکؐ نے لڑکیوں سے اچھا سلوک کرنے کی صرف دوسروں کو نصیحت نہیں فرمائی بلکہ بحیثیت باپ آپ ﷺ کا حسن سلوک اور حُسنِ تربیت ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے۔ آپ ﷺ کی محبت و شفقت صرف اپنی بیٹیوں

کے لیے ہی نہ تھی بلکہ بیٹیوں کے بچوں سے بھی بہت زیادہ پیار کرتے۔ حضرت اسامہؓ کی روایت ہے کہ ایک دفعہ میں کسی ضروری کام کے لیے حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ گود میں چادر کے نیچے کوئی چیز چھپائے تشریف فرما تھے میرے دریافت کرنے پر چادر اٹھائی اور فرمایا ''یہ میرے بیٹے ہیں اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں'' اے اللہ میں اِن دونوں سے محبت کرتا ہوں اور اُن سے بھی محبت کرتا ہوں جو ان سے محبت کا سلوک کرے۔ جانتی ہو بچیو یہ بچے کون تھے؟ یہ آپؐ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ کے بیٹے حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ تھے۔

حضرت فاطمہؓ سے رسولِ پاکؐ کی شفقت اور محبت بھری طبیعت کا ایسا اثر تھا کہ حضرت فاطمہؓ میں بھی وہی رنگ جھلکتا نظر آتا تھا۔ حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ میں نے چال ڈھال، طور اطوار اور گفتگو میں حضرت فاطمہؓ سے بڑھکر آنحضرتؐ کے مشابہ کوئی نہیں دیکھا حضرت فاطمہؓ جب رسولِ پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتیں آپؐ کھڑے ہو جاتے محبت سے ان کا ہاتھ تھام لیتے، بوسہ دیتے اور

اپنے ساتھ بٹھاتے اور جب آنحضورؐ حضرت فاطمہؓ کے ہاں تشریف لے جاتے تو وہ بھی احترام میں کھڑی ہو جاتیں آپؐ کا ہاتھ تھام کر بوسہ دیتیں اور اپنے ساتھ حضور کو بٹھاتیں۔

verabschiedete er (saw) sich als letztes bei seiner (saw) Tochter und wenn er zurückkam, ging er (saw) als erstes zu Hadhrat Fatimas(ra) Haus, um sie zu grüßen. Der Heilige Prophet (saw) sagte, dass Fatima (ra) ein Teil seines (saw) Körpers sei: „ Jeder der ihr weh tun sollte, tut mir weh.“ So hat Hudhur (saw) ein vorzügliches Vorbild für die Liebe zu Töchtern gezeigt.

Liebe Mädchen, wir sollten Allah Ta'ala dafür dankbar sein, dass Er uns Khilafat geschenkt hat. Hudhur erzieht uns nach Allahs und Seines Heiligen Propheten (saw) Lehre. Ihr könnt mit Hudhur über alles reden. Ihn um Dua bitten. Andere haben diese großartige Möglichkeit nicht. Ihr Mädchen seid die Mütter von Morgen. Die kommende Generation wird in eurem Schoß ihre Erziehung genießen. Deswegen ist es wichtig, dass schon in jungem Alter die Erziehung beginnt, damit ihr diese Verantwortung tragen könnt. Der Heilige Prophet (saw) sagte: „Wenn jemand von euch zwei oder drei Töchter oder Schwestern hat, sie gut erzieht und in ihren Herzen Allahs Taqwah weckt, dann gibt Allah ihm das Paradies.“

Also hat der Heilige Prophet (saw) denjenigen das Paradies versprochen, die ein Mädchen von der Geburt an hervorragend behandeln und erziehen. So hat die Liebe und Gunst des Heiligen Propheten (saw) den Blüten im Garten des Islam Leben geschenkt. Er (saw) gaben ihnen Schutz, gaben ihnen einen großen Rang, gaben ihnen das Leben und gaben ihnen das Recht in würdevoller Weise ihr Leben zu verbringen.

Nun noch eine wunderschöne Begebenheit, die Hudhurs (saw)Liebe und Zuneigung zur geliebten Tochter Imama seiner Tochter Zeinab (ra) zeigt. Eimal leitete er (saw)das Gebet und hatte dabei Imama (ra) auf seiner Schulter sitzen. Immer wenn er (saw) ins

آپؐ جب بھی سفر پر تشریف لے جاتے تو سب سے آخر میں اپنی بیٹی فاطمہؓ سے ملکر جاتے اور جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو سب سے پہلے اپنی بیٹی کے گھر جا کر ان سے ملتے۔ نبی کریمؐ فرماتے تھے کہ فاطمہ میرے بدن کا ٹکڑا ہے جس نے اسے ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔ اس طرح رسول پاکؐ نے اپنے عمل سے بچیوں سے پیار کرنے کا اعلیٰ نمونہ پیش کیا۔

بچیو ہمیں اللہ کا بہت شکر ادا کرنا چاہیے کہ اُس نے ہمیں خلافت جیسی نعمت عطا کی ہے۔ حضور ہر وقت خدا اور اس کے پیارے رسول حضرت محمد ﷺ کی تعلیم کے مطابق ہماری رہنمائی فرماتے ہیں ہماری تربیت کرتے ہیں۔ آپ بچیاں بھی حضور اقدس سے ہر بات پوچھ سکتی ہیں اُن کو دعا کیلئے کہہ سکتی ہیں دوسروں کے پاس تربیت کا یہ ذریعہ نہیں ہے۔ آج کی جو بچیاں ہیں وہ کل کی مائیں ہیں قوم کی آئندہ نسل نے ان کی گودوں میں پرورش پانی ہے اس لئے ضروری ہے کہ بچپن میں ہی ایسی تربیت ہو کہ بڑے ہو کر ذمہ داری اٹھا سکیں۔ رسول پاکؐ نے فرمایا:

''اگر تم میں سے کسی کی دو یا تین بیٹیاں یا بہنیں ہوں اور وہ ان کی تربیت اچھے رنگ میں کرے ان کے بارے میں اللہ کا تقویٰ اختیار کرے تو اللہ تعالیٰ اسے جنت عطا کرے گا''۔ یعنی حضورؐ نے بچیوں کی پیدائش اور احسن تربیت کو جنت کے حصول کا ضامن بنا دیا چنانچہ آپؐ کی اس پُر شفقت اور احسان بھرے سلوک سے باغِ اسلام کی کلیوں نے ہمیشہ کی زندگی پائی۔ آپؐ نے ان کا تحفظ فرمایا ان کا مرتبہ بلند کیا ان کو زندہ رہنے اور باعزت زندگی گزارنے کا حق دلایا۔

آؤ اب ایک اور خوبصورت واقعہ دیکھیں جس میں رسولِ پاک ﷺ کا اپنی بیٹی حضرت زینبؓ کی لختِ جگر امامہؓ سے شفقت کا خوبصورت انداز نظر آتا ہے۔ آپؐ نماز پڑھا رہے تھے اور آپؐ نے امامہ کو کندھے پر اُٹھا رکھا تھا جب رکوع اور سجدہ کرتے تو بچی کو نیچے اُتار دیتے اور سجدہ سے اُٹھتے تو اس کو پھر اُٹھا لیتے۔ نماز کی ہر

Rukuu oder Sadschdah ging, setzte er (saw) Imama auf dem Boden ab und wenn er (saw) wieder aufstand, nahm er(saw) sie wieder auf die Schulter. In jeder Rakat des Namaz war dies so. Das Namaz, worauf er (saw) immer wartete und welches er (saw) als sein Augenlicht bezeichnete, aber auch die Liebe und Zuneigung zu den Kindern war Teil seiner barmherzigen Persönlichkeit. Wegen all dieser Wohltaten und Liebe haben auch die Mädchen den Heiligen Propheten(saw) sehr geliebt. Als der geliebte Prophet (saw) von Mekka nach Media kam, standen selbst sehr kleine Mädchen zur Begrüßung dort und spielten auf Trommeln und sangen freudige Lieder. Er (saw) sah diese liebevolle Begrüßung und fragte die Mädchen, ob sie Hudhur (saw) liebten? Sie sagten „Ja, O Prophet Allahs“. Er (saw) antwortete: „Ich liebe euch auch.“ Die muslimischen Mädchen können gar nicht stolz und froh genug hierüber sein.

„Sende Segen auf diesen deinen
Wohltäter hunderte Male am Tag,
Gesegnet sei Muhammad Mustafa,
König der Propheten“

(Hadhrat Rasool Kareem (saw) aur Bachay von amatulhadi S. 21und 58-64 , Uswah-e-Insane Kamil von Hafiz Muzafar Ahmad S. 472)

رکعت میں ایسے ہی کیا۔

نماز جس کا آپ کو ہر لمحہ انتظار رہتا تھا جسکو آپؐ نے اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک کہا لیکن بچوں سے بے حد محبت بھی آپ کے ذاتِ بابرکت کا حصہ تھی کیونکہ آپؐ ان کے روحانی باپ بھی بن کر آئے تھے۔

اِن احسانات اور بہت زیادہ شفقت کی وجہ سے بچیاں بھی آپؐ سے بہت پیار کرتیں۔ پیارے آقاؐ جب مکہ سے مدینہ تشریف لے گئے تو کمسن بچیاں بھی آپؐ کے استقبال کیلئے کھڑی تھیں اور دف بجا بجا کر خوشی کے گیت گا رہی تھیں۔ پیارے آقا نے یہ محبت بھرا نظارہ دیکھا تو آپؐ نے ان بچیوں سے پوچھا ’’کیا تم مجھ سے پیار کرتی ہو؟‘‘ اُنہوں نے کہا ’’ہاں رسول اللہ‘‘۔ آپؐ نے فرمایا ’’میں بھی تم سے پیار کرتا ہوں‘‘۔ اس پر تو مسلمان بچیاں جتنا بھی فخر کریں کم ہے۔

بھیج درود اس محسن پر تُو دن میں سو سو بار۔ پاک محمد مصطفیٰؐ نبیوں کا سردار

(حضرت رسول کریمؐ اور بچے بحضنہ امتہ الہادی صفحہ نمبر 21 اور 64-58، اسوہ انسانِ کامل تصنیف حافظ مظفر احمد صفحہ نمبر 472)

Talqeen-e-Aml

Diskussionsthemen	ڈسکشن کیلئے موضوعات
1) Wie kann man den schönen Charakter des heiligen Propheten (saw) in der Schule und den Freundinnen darstellen?	☆آنحضرت ﷺ کی خوبصورت سیرت سہیلیوں اور اسکول میں آپ کس طرح اجاگر کرسکتیں ہیں؟
2) "Liebe für alle, Hass für keinen"	☆محبت سب کیلئے نفرت کسی سے نہیں
3) Die Wichtigkeit und Segnungen des Dua. (Geben Sie Beispiele zur Erhörung des Gebets und erzählen Sie eigene Erfahrungen.)	☆دعا کی اہمیت اور برکات (مثالوں اور واقعات کے ذریعے دعا کی اہمیت سمجھائیں۔ ناصرات بھی اپنے واقعات بیان کریں)
4) Die Wichtigkeit von Nasirat Ijlas. (Machen Sie den Nasirat klar, was das Nasirat Ijlas für eine Segnung ist und nur in der Jamaat der Erziehung von Mädchen so eine große Achtung geschenkt wird.)	☆ناصرات اجلاس کا قیام اور اس کی اہمیت (ناصرات اجلاس کی اہمیت سمجھائیں کہ یہ کتنی بڑی نعمت ہے اور صرف جماعت میں ہی بچیوں کی تربیت کو اتنی اہمیت دی جاتی ہے)
5) Reinlichkeiten (Taharat)	☆طہارت

Notzien: